

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

1 پیمائش، تخمین اور جائزہ — Measurement, Assessment and Evaluation — 5

2 مقاصد اور تخمین — Objectives & Assessment — 23

3 تخمینی آزمائشوں کی اقسام اور تیکنیکس — Types of Assessment Test & Techniques — 44

4 امتحانات کی اقسام — Types of Tests — 73

5 تخمینی آلات کی معتبریت — Reliability of the Assessment Tools — 87

6 تخمینی آلات کی جوازیت — Validity of Assessment Tools — 104

7 کمرہ جماعت کے ٹیسٹ کی منصوبہ بندی اور انتظام — Planning And Administering Class Room Test — 114

8 ٹیسٹ سکور کی تشریح کرنا — Interpreting Test Score — 140

9 ٹیسٹ سکور کی رپورٹ دینا — Reporting Test Score — 174

042-37245454 صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

یونٹ 1

پیمائش، تخمین اور جائزہ
Measurement, Assessment and Evaluation

سوال 1: پیمائش، تخمین اور جائزہ کا تصور بیان کریں۔

Q1. Describe the concept of measurement, assessment and evaluation.

یا

Describe meanings of measurement, assessment and evaluation.

جواب: ☆ پیمائش کا تصور (Concept of Measurement)

معانی (Meaning):

لفظ پیمائش (Measurement) کے معانی ماپنا ہے۔ لفظ "Measurement" Measure سے بنا ہے۔ جس کا مطلب ہے پیمائش کرنا۔

ڈکشنری کے مطابق (According to Dictionary):

Measure is an act as process of ascertaining the extent dimensions quality etc of some thing.

ڈکشنری کے مطابق پیمائش کا مطلب کسی چیز کی حد، سمت، مقدار وغیرہ کا تعین کرنے کا عمل ہوتا ہے۔

تعریف (Definition):

☆ "L.R Gay" کے مطابق:

"پیمائش وہ مقداری عمل ہوتا ہے جس میں اندازہ لگایا جاتا ہے کہ کسی میں کوئی بھی خصوصیت معیار کی مقدار کتنی ہے۔ پیمائش خصوصیات کا مزید وضاحتی بیان ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر یہ کہنے کی بجائے کہ اسلم اپنی عمر اور قد کے لحاظ سے کم وزن ہے۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اسلم کی عمر 12 سال ہے اور وہ پانچ فٹ آٹھ انچ لمبا ہے اور اس کا وزن محض پچاسی پونڈ ہے، زیادہ یہ کہنا معروضی ہے کہ اسلم کی ذہانت یا I.Q لیول 125 ہے جبکہ علی کی ذہانت

AIOU LIBRARY Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سیکھنے ا

تعریف

Q1. ایول 88 ہے۔ زبانی بیانات کی بجائے اعدادی بیانات زیادہ وضاحتی اور معروضی ہوتے ہیں۔ جس سے نتائج کو تعبیر اور تشریح کرنا آسان فہم ہوتا ہے۔"

☆ "مسٹر ریمرس" Remmers اور ان کے ساتھیوں کے مطابق:

"پیائش اس مشاہدے کا نام ہے جس کو مقداری کمیٹی کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔"

"Measurement refers to observation that can be expressed quantitatively and answer the how much."

یہ تعریف ظاہر کرتی ہے کہ پیائش کے عمل کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے اور پیائش کے ذریعے متعلمین مختلف انواع کی صلاحیتوں اور اہلیتوں کے متعلق اندازہ لگاتے ہیں کہ اہم اور خاص اہلیت طلبہ میں کس قدر موجود ہے۔

☆ عام تعریف (General Definition):

پیائش سے مراد وہ عمل ہوتا ہے۔ جس سے کسی شے کے متعلق یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ وہ شے کس قدر ہے اور کہاں سے کہاں تک ہے؟"

☆ تخمین کا تصور (Concept of Assessment)

معانی (Meanings):

تخمین کا مطلب اندازہ لگانا، قیاس کرنا اور سرسری جائزہ ہے

تعریف (Definition):

Elmers Ali

☆ "نارمن گرن لنڈ" کے مطابق:

"تخمین ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس میں بروقت برمحل اندازے لگائے جاتے ہیں۔ ایک ہی وقت میں متعدد اندازے لگائے جا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر استاد ایک ہی وقت میں متعلمین کے درجہ ادراک و فہم، جوش و جذبہ، بوریت یا توجہ وغیرہ کے بارے میں اندازے لگائے جا سکتے ہیں۔"

وضاحت (Explanation):

تخمین اندازہ لگانے کا نام ہے۔ استاد پڑھانے کے دوران اپنی تدریس کے تاثر کا اندازہ لگانے کے لیے متعلمین کی دلچسپی، توجہ، اکتساب اور فہم و ادراک پر نظر رکھتا ہے تاکہ مؤثر ترین تعلیم کے لیے کلاس روم میں مؤثر ماحول قائم رکھا جا سکے۔ تمام تعلیمی سرگرمیوں سے مستفید ہوا جا سکے اور ناگوار حالات و واقعات پر بروقت قابو پایا جا سکے۔

☆ جائزہ کا تصور (Concept of Evaluation)

معنی (Meaning):

جائزے کا مطلب جانچ پڑتال کرنا، پرکھنا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تعریف (Definition):

"تعلیمی جائزے سے وہ طریقے مراد ہیں جن کی مدد سے طلبا کی دماغی، جسمانی، معاشرتی اور تعلیمی نشوونما کی کارکردگی کے بارے میں معلوم ہوتا ہے۔"

"جائزہ ایک ایسا عمل ہے جو اس بات کا تعین کرتا ہے کہ ایک تعلیمی نظام وہی فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ جس کی اس سے توقع تھی اور اپنے مقرر کردہ مقاصد کی حصولی کر رہا ہے۔"

☆ پروفیسر عبدالحی علوی کے مطابق:

"تعلیمی جائزہ ایک ضابطے کا عمل ہوتا ہے۔ جس میں یہ پتہ لگایا جاتا ہے کہ علم کے حصول کے بعد متعلمین نے کون سے مقاصد کو حاصل کر لیا ہے۔"

☆ نیلسن کے مطابق:

"تعلیمی جائزہ ایسا عمل ہوتا ہے جس میں انسان کے رویے کی ترمیم کی جاتی ہے اور معیاری پہلو کو احتیاط سے جانچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔"

☆ لنڈ ویل کے مطابق (According to Lindwoll):

"تعلیم کے خاص مقاصد کے حصول اور ان کی جانچ کا نام تعلیمی جائزہ ہوتا ہے۔"

☆ کارٹر۔ دی۔ گڈ کے مطابق:

"تعلیمی جائزہ وہ عمل ہوتا ہے جس میں کئی ذرائع سے متعلم کے بارے میں جمع کردہ معلومات کی روشنی میں، اس کے رویے میں جنم لینے والی تبدیلی کا تعین کیا جاتا ہے۔"

Eblas Ali

وضاحت (Explanation):

"Evaluation" کا معانی جائزہ ہے جو کہ لفظ Evaluate سے بنا ہے۔

"Evaluate to ascertain the value or amount of appraise careful."

جو جائزہ لگایا گیا ہے اس کی قیمت یا مقدار کا تعین کرنا۔

جائزہ کے اس معنی کی روشنی میں جائزہ سے مراد وہ عمل ہوتا ہے جس کے ذریعے یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ کسی چیز کی جو مقدار حاصل ہوتی ہے اس کی قدر و قیمت کیا ہے؟ اور عمل کا مقصد کس حد تک مکمل ہوا ہے۔ جائزہ ایک تکنیکی اصطلاح ہے اور ماہرین اس کی اپنے اپنے انداز بیان کے مطابق وضاحت کرتے ہیں۔

☆ رائٹ اسٹون کے مطابق:

رائٹ اسٹون اور اس کے چند دوست مل کر یہ تعریف بیان کرتے ہیں۔

"جائزہ سے مراد وہ عمل ہوتا ہے جس کی مدد سے ہم یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اسکول کے پروگرام کے مقاصد کس حد تک حاصل کیے جا رہے ہیں۔"

"Evaluation as applied to education means in general the process by

042-37245454 پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور صدائے انقلاب
AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

which find how for the objectives of the school programme are being realised."

☆ ہنری بونر میکڈونل کے مطابق (According to Henry Bonner)
"جائزہ کسی عمل کی قدر و قیمت کے تعین کا نام ہے۔"

"Evaluation is the process of determining worth."

اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جو عمل کیا گیا اس کے متعلق اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کس حد تک کامیابی حاصل کرتا رہا اور حقیقی مقاصد کی کس حد تک تکمیل ممکن ہوئی ہے۔

☆ ریمرس اور اس کے ساتھیوں کے مطابق (According to Remmers & Others)
"جائزہ اس امر کے تعین کرنے کا نام ہوتا ہے کہ متعلمین نے تعلیمی مقاصد کس حد تک حاصل کر لیے ہیں۔"

"Evaluation is defined as a process of determining the extent to which education objectives are achieved by the students."

☆ اے۔جے جونز کے مطابق (According to A.J. Jones):
"جائزہ کسی شے کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانے کے عمل کو کہتے ہیں۔"

"Evaluation is the process of finding the value of something."

اے۔جے جونز مزید کہتے ہیں کہ:
"جائزہ کا عمل کسی کام کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانے کا نام ہے۔"

"The process of evaluation is the attempt to find worth of any enterprise."

ماہرین کی ان تمام تعریفوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم میں جائزہ وہ عمل ہوتا ہے جس کی مدد سے اس امر کا تعین کیا جاتا ہے کہ متعلمین نے مقامی سطح پر مقرر کردہ تعلیمی مقاصد کا حصول کس حد تک کر لیا ہے اور اس کے لیے کی جانے والی پہلے کی نسبت کیا ترمیم ہوئی ہے۔ اس ترمیم کی قدر و قیمت کیا ہے۔ جائزہ میں قدر و قیمت What value پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے چنانچہ ان تمام تعریفوں سے value ویلیو اور ورتھ worth جیسے الفاظ نمایاں ہوتے ہیں۔ (۲۰۱۱)

سوال 2: تعلیمی تخمین کی نوعیت اور اقسام بیان کریں۔

Q2. Describe the nature and types of educational assessment.

یا جماعتی جائزے کی وضاحت کریں۔ تعلم کی جانچ کے لیے استعمال ہونے والے طریقوں پر بحث کریں۔ (نمونہ 2016ء)

What is meant by term class room assessment? Explain types assessment you mostly prefer to assess the learning of students at the end of class.

جواب: جماعتی جائزے کی وضاحت سوال نمبر 3 سے ملاحظہ کریں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تعارف (Introduction):

''بلوم'' (Bloom) کے مطابق انتخاب کی گئی سرگرمیوں کے درمیان تعلق کی وضاحت معیاری رویوں اور ماحول کی پرکھ کے لیے تخمین کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ ماحول کے عناصر کی شمولیت سے تخمین کا عمل دوسری سرگرمیوں (پیمائش، جائزہ اور آزمائش) سے مختلف ہوتا ہے۔ تخمین کا تعلق مجموعی تعلیمی سرگرمیوں اور صورتحال وغیرہ سے ہوتا ہے اور جائزہ و پیمائش وغیرہ کے لیے تخمین کا عمل راہ ہموار کرنے کا سبب بنتا ہے۔ تخمین میں محض متعلم کے رجحان کو مدنظر نہیں رکھا جاتا بلکہ یہ بھی اندازہ لگایا جاتا ہے کہ کیا سکھایا جا رہا ہے اور کس طریقے سے سکھایا جا رہا ہے۔

☆ سٹیک (Stake):

''سٹیک تخمین کو کلاس روم میں پائے جانے والے عمل/معاملہ (Transaction) معلم، متعلم کے درمیان عمل میں آنے والی تعلیمی سرگرمیاں قرار دیتا ہے۔''

تخمینی عمل کا مقصد محض انفرادی طور پر طلبہ کی تعلیمی کمزوریوں اور کامیابیوں کے بارے میں آگاہ ہونا نہیں بلکہ تدریسی مواد اور پیش کیے گئے نصاب کی افادیت کے بارے میں بھی معلوم کرنا ہوتا ہے۔

☆ انگلش اینڈ انگلش (1958):

انگلش اینڈ انگلش تخمین کو ایک ایسا عمل قرار دیتا ہے جس میں فرد/شخصیت باہمی گروہی تعلقات اور متعدد مسائل (غصہ، تشویش وغیرہ) کی صورت میں باضابطہ ماحول میں تجزیہ کیا جاتا ہے۔ مشاہدہ کیا جاتا ہے اور درجہ بندی کی جاتی ہے۔

تخمین کے اصول (Principles of Assessment):

کرون باخ (1960) (Cronbach) نے تخمین کے تین اہم اصول کی وضاحت کی ہے۔

1۔ متعدد ٹیکنیکس کا استعمال
2۔ مشاہداتی اور ساختی و غیر ساختی حالات پر انحصار
3۔ معلومات کا آپس میں ربط

ان اصولوں کو کلاس روم کی تخمین کے عمل میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ شخصیت سے مراد فرد کی مجموعی عقلی، احساسی اور نفس حرکی خصوصیات ہوتی ہیں۔ اگر کلاس روم زیادہ طلبہ کے عملی تجربات اور روزمرہ زندگی سے مطابقت رکھتا ہوگا تو ساختی و غیر ساختی ماحول میں ان کی تخمین آسان فہم ہو جائے گا لیکن تخمین کے اس عمل کے لیے مختلف قسم کے معیاری آلات متغیرات کے استعمال کی ضرورت ہوگی اور تعلیمی تخمین کا اصول اور مقصد بھی یہ ہی ہے کہ متعلمین ماحول اور اس کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے اس کی تعلیمی استعداد کار کے بارے میں معلومات جمع کی جائیں۔

بلوم (Bloom) کی تجویز کردہ تعریف سے یہ بآسانی سمجھا جا سکتا ہے کہ تخمین کا عمل فرد کے ماحول سے شروع ہوتا ہے جس میں وہ رہتا ہے، سیکھتا ہے اور سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔ تخمین کا مقصد فرد کی شخصیت اور اس کے افعال پر ماحول کے نفسیاتی اثرات، مطلوبہ کردار، معیارات، ان کی تنظیم اور موزونیت کا جائزہ لینا ہوتا ہے۔ اس کے بعد یہ عمل متعلقہ ماحول

AIOU LIBRARY | Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

میں فرد کے کردار، افعال اور سرگرمیوں کے جائزے مثال کے طور پر متعلقہ ماحول میں فرد کی مطابقت اور عدم مطابقت ضروریات، شخصیت کی خصوصیات مہارتوں اور استعداد کار وغیرہ کے جائزے کی جانب بڑھتا ہے۔

تخمین کی اقسام (Types of Assessment):

تخمین کے دوسرے طریقہ کار کو کلاس روم میں تدریس کے دوران ان کے استعمال کے لحاظ سے مختلف اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ان اقسام کے تحت متعلمین کی پرفارمنس کی تخمین مندرجہ ذیل طریقوں سے کی جاسکتی ہے۔

1۔ تشکیلی تخمین (Formative Assessment)
2۔ تکمیلی تخمین (Summative Assessment)
3۔ پلیسمنٹ تخمین (Placement Assessment)

1۔ تشکیلی تخمین (Formative Assessment):

تشکیلی تخمین تدریس کے دوران متعلمین کی آموزش کی تخمین کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ تشکیلی تخمین کا مقصد تدریس کے دوران متعلمین کی آموزش کا جائزہ لینا ہوتا ہے۔ تشکیلی تخمین سے متعلمین کے ساتھ ساتھ معلمین کو بھی تدریس اور آموزش میں کامیابی یا ناکامی کی نوعیت کا علم ہوتا ہے۔ متعلمین اس تخمین سے حاصل ہونے والے فیڈ بیک کی بدولت اپنی آموزشی کمزوریوں کو صحیح کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور معلمین بھی اپنے استعمال کردہ تدریسی طریقہ کو مؤثر بنا سکتے ہیں۔ تشکیلی تخمین کا زیادہ تر انحصار پہلے سے تیار شدہ آزمائشوں پر ہوتا ہے مثلاً یونٹ اور ابواب وغیرہ۔ ایسی تخمین کے لیے آموزشیں معلمین خود تیار کرتے ہیں تاہم اس طرح کی متعدد آزمائشیں طبع شدہ کتب وغیرہ کی صورت میں بھی موجود ہوتی ہیں۔ ایسی تخمین کے لیے مشاہداتی تکنیکس بھی بہت موزوں اور مؤثر طور سے استعمال کی جاتی ہیں چونکہ تشکیلی تخمین کا مقصد تدریسی عمل کو مؤثر بنانا ہوتا ہے۔ تاہم اس سے حاصل ہونے والے نتائج کو حتمی گریڈنگ کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا۔

یولوئی (Yoloye) 1976ء کے مطابق تشکیلی تخمین کا مقصد جہاں تک ممکن ہو سکے تکمیلی تخمین کو مثبت انداز میں سمجھنے کو یقینی بنانا ہوتا ہے۔ یہ ایسے عمل کے ذریعے ان پٹ متغیرات کو چیلنج کرنے کا عمل ہوتا ہے جو مؤثر اور متوقع نتائج کا باعث بنے۔ کلاس روم کا معلم بہترین تشکیلی تخمین کار ہوتا ہے۔ اپنے متعلمین سے وابستہ ہونے کی بنیاد پر وہ اس قابل ہوتا ہے کہ

1۔ خارجی تخمین کنندہ کی نسبت زیادہ قابل اعتماد حوالہ فراہم کرتا ہے۔
2۔ متعلمین کے وقوفی عمل کی سطح کا تعین کرتا ہے۔
3۔ مؤثر آموزش اور لوازمات کو منتخب کرتا ہے۔
4۔ کلاس روم میں کسی سرگرمی کے امکانات کے متعلق علم ہونا۔
5۔ تدریسی تعلیمی عمل میں جدت و اصلاح کے پہلوؤں سے واقف ہوتا ہے۔
6۔ تکمیلی تخمین کے نتائج کی مزید شرح کے متعلق جاننا۔

تخمین کے دوران متعلم کے پوچھے جانے والے سوالات پروگرام کے جانچ کرنے والے فرد سے مختلف ہوتے

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ہیں۔ خصوصاً ہدایات دینے کے بعد معلم متعلم کے خصوصی رویہ جاتی نتائج کو جاننے کی کوشش کرتا ہے۔ درج ذیل سوالات اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

Elmas Ali

1۔ سبق کا مقصد کیا ہے؟
2۔ سبق کی تدریس کے لیے کن لوازمات کی ضرورت ہوتی ہے؟
3۔ اس موضوع کے مختلف پہلوؤں کی ترتیب کیا ہوگی اور ہر پہلو کو کتنا وقت دیا جائے گا؟
4۔ معلومات اور مہارتوں کو طلبہ تک پہنچانے کے لیے کون سی تدریسی تکنیکیں مؤثر اور موزوں ہوں گی؟
5۔ متعلم کی تحصیل علم کے جائزے کے لیے کون سی تکنیک استعمال ہوگی؟
6۔ کیا مقاصد حاصل کیے جا چکے ہیں؟
7۔ متعلمین کی کارکردگی کیا ہے اور انہیں کسی موضوع میں مشکلات کا سامنا تو نہیں کرنا پڑ رہا؟
8۔ متعلمین کی مطلوبہ معلومات کو کن اضافی سہولیات اور وسائل سے مزید بڑھایا جا سکتا ہے؟
9۔ کیا متعلمین کی ضروریات پوری ہو چکی ہیں؟ کیا متعلمین اپنی معلومات کو دیگر شعبہ جات میں منتقل کرنے کے قابل ہو چکے ہیں؟

☆ تشکیلی تخمین کی تعریفیں (Definitions of Formative Assessment):

1۔ ''ڈبلیو ورزما'' اور ایس جی جرس کے مطابق (According to W. Wiersma and S.G Jurse):

''تشکیلی تخمین وقت کے ایک دورانیے تک واقع ہوتا ہے اور متعلمین کی کارکردگی کو چیک کرتا ہے۔''

2۔ گلبرٹ سیکس کے مطابق (According to Gilbert Sax):

''تشکیلی تخمین دوران ہدایات اس وقت وقوع پزیر ہوتا ہے جب ایک معلم اس بات کے بارے میں معلوم کرنا ہے کہ کیا طلبہ ہدایات مقاصد پر پورا اتر رہے ہیں؟ کیا پروگرامز بروقت ہیں؟ اور کیا ایسے طریقے ہیں جن کی مدد سے پروگرام کی اصلاح اور مؤثریت ممکن ہے؟ تشکیلی جائزہ یا تخمین موجودہ طلبہ کو زیادہ بہتر انداز میں تعلیم کے حصول کے لیے رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔''

3۔ آر۔ ایل۔ ایبل اور ڈی۔ اے فریسبی کے مطابق (According to L.R Ebal and D.A Frisbie):

''تشکیلی تخمین کے ہدایاتی عمل کو چیک کرنے، یہ جاننے کہ کیا منصوبے کے مطابق تعلم وقوع پزیر ہو رہا ہے؟ جاننے کے لیے اس عمل کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔''

4۔ اے۔ جے نٹکو کے مطابق (According to A.J Nitko):

''تشکیلی تخمین کا تعلق اس جانچ اور پرکھ سے ہے جو نمونہ بندی کے دوران کی جاتی ہے۔''

5۔ این ای گرون لنڈ کے مطابق (According to NE Gronlund):

''تشکیلی تخمین کو دی گئی ہدایات کے دوران تعلمی ترقی کی مانیٹرنگ کے لیے بروئے کار لایا جاتا ہے اور تعلمی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کامیابیوں و ناکامیوں سے متعلقہ مسلسل فیڈ بیک سے متعلمین اور معلمین کو آگاہ کرتا ہے۔ فیڈ بیک متعلمین کو کامیاب تعلم کی ترغیب دیتا ہے اور ان تعلمی نقائص کی نشاندہی کرتا ہے۔ جنہیں اصلاح کی ضرورت ہو۔ فیڈ بیک معلمین کو ہدایات کی جدت اور گروپس کو بیان کرنے اور انفرادی تدراکی کام کے متعلق معلومات مہیا کرتا ہے۔"

☆ تشکیلی تخمین کی خصوصیات:

Elmas Ali

تشکیلی تخمین کی درج ذیل خصوصیات ہیں۔

1۔ تشکیلی تخمین مالیکیولی تجزیے پر زیادہ زور دیتی ہے۔
2۔ اس کا مقصد حاصل کرنا ہوتا ہے۔
3۔ یہ پروگرام کے استعمال کرنے والے کے تجربات کو وسعت دینے میں دلچسپی رکھتی ہے۔
4۔ اس کا خاکہ وضاحتی اور لچکدار ہوتا ہے۔
5۔ یہ خاص پروگرام کے مقامی اثرات کو نظر انداز کرنے کی کوشش کرتی ہے۔
6۔ یہ تاثراتی متغیرات کی شناخت کا حصول ممکن بناتی ہے۔
7۔ اسے وقت کے دورانیے میں تعلیمی مقاصد و اہداف کے معیار دار ساخت کی پیمائش اور کورس کی حقیقی تدریس کا تجزیہ درکار ہوتا ہے۔

2۔ تکمیلی تخمین (Summative Assessment):

تکمیلی تخمین تدریس کے اختتام پر متعلمین کی کارکردگی اور حصول کا تجزیہ کرنے کے لیے بروئے کار لائی جاتی ہے۔ اس تخمین کا مقصد یہ جاننا ہوتا ہے کہ تدریسی دورانیے کے اختتام پر مقرر کردہ تدریسی مقاصد کس حد تک حاصل ہو گئے ہیں اور انہی نتائج کی بناء پر متعلمین کو گریڈ فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس تخمین کے لیے آزمائشی ٹیکنیکس تدریسی مقاصد کے تحت تیار کی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر معلمین کی تیار کردہ آزمائشیں، کارکردگی کی درجہ بندی، پراڈکٹس کی تخمین (خلاصہ جات، ڈرائنگ، ریسرچ رپورٹس) اگرچہ تکمیلی تخمین کا مقصد متعلمین کو گریڈ مہیا کرنا ہوتا ہے تاہم اس کی بدولت تیار کردہ نصاب کی مؤثریت اور تدریسی طریقہ کار کی افادیت معلوم کرنے میں بھی معاونت ملتی ہے۔

☆ تکمیلی جائزے کی تعریفیں:

(Definitions of Summative Assessment):

1۔ اے۔ جے نکٹو کے مطابق (According to A.J. Nikto):
"تکمیلی تخمین پہلے سے تکمیل شدہ پروگرام عمل یا پیداوار کے خصائص کی جانچ پرکھ ہوتی ہے۔"

2۔ این ای گرون لنڈ کے مطابق (According to N.E Gronlund):
"تکمیلی تخمین خصوصاً کسی کورس کے اختتام پر لی جاتی ہے۔ یہ ہدایاتی مقاصد کے حصول کی شرح معلوم کرنے کے لیے لی جاتی ہے اور بنیادی طور پر کورس کے گریڈز کی جانچ پرکھ یا مطلوبہ تعلیمی نتائج پر متعلمین کے عبور کی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal | WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تصدیق کے لیے کی جاتی ہے۔"

3۔ گلبرٹ سیکس کے مطابق (According to Gilbert Sax):

"ایک تکمیلی تخمین اس بات کی گواہی دے سکتی ہے کہ پروگرام اطمینان بخش (Satisfactory) ہے اور اگلے سال آنے والے متعلمین کے لیے جاری رکھا جا سکتا ہے یا متعلمین تعلیمی رجحان اس قدر منفی ہے کہ نئے پروگرام کی ضرورت ہے۔"

4۔ آر۔ایل ایبل اور فریسبی کے مطابق (According to R.L. Ebel and Frisbie):

"تکمیلی تخمین (جائزہ) کسی ہدایاتی جزو کے اختتام پر اخذ کرنے کے لیے لی جاتی ہے کہ کیا متعلمین نے اس جزو کو بہترین طریقے سے مکمل کرنے کے بعد اگلے جزو پر جانے کے لیے تیار ہے۔"

☆ تکمیلی جائزے یا تخمین کی خصوصیات:
(Characteristics of Summative Assessment):

تکمیلی تخمین کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1۔ یہ بہترین تعریف شدہ تخمین کے نمونے کو استعمال کرتا ہے۔

2۔ یہ تجزیہ پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔

3۔ یہ بیاناتی تجزیہ مہیا کرتی ہے۔

4۔ یہ مقامی اثرات پر زور دیتی ہے۔

5۔ یہ مداخلت کے بغیر غیر تعامل ہوتا ہے۔

6۔ اس کا تعلق مسائل کی وسیع حدود سے ہوتا ہے۔

7۔ اس کے آلات قابل اعتماد اور معتبر (valid) ہوتے ہیں۔

3۔ پلیسمنٹ تخمین (Placement Assessment):

پلیسمنٹ تخمین تدریس کے آغاز میں متعلمین کی کارکردگی کا تعین کرنے کے لیے کی جاتی ہے اور اس میں کسی بھی تدریسی یونٹ کے آغاز سے پہلے متعلمین کی ذہنی اہلیتوں اور معلومات کے جائزے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اس تخمین میں مندرجہ ذیل سوالات کو سامنے رکھا جاتا ہے۔

1۔ کیا تدریس کے لیے متعلمین مطلوبہ صلاحیتوں اور معلومات کا ذخیرہ رکھتے ہیں؟

2۔ متعلقہ تدریس سے مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لیے متعلمین کس حد تک صلاحیتیں اور استعداد کار رکھتے ہیں؟

3۔ متعلمین کی دلچسپیوں، عادات اور شخصیتی خصوصیات کے مطابق کون سا تدریسی طریقہ مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

اس قسم کے سوالات کے جواب حاصل کرنے کے لیے متعدد تکنیکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر گذشتہ کارکردگی کے ریکارڈز کا حصول، ذاتی رپورٹ کی انوینٹریز، مشاہداتی تکنیکیں وغیرہ۔ اس تخمین کا مقصد اس بات کا تعین کرنا ہوتا ہے کہ اہداف متعلمین کی اہلیتوں، مہارتوں اور استعداد کار کے مطابق مرتب کیے جائیں اور انہی مقاصد یا اہداف کے ذریعے مؤثر ترین تدریسی طریقہ کار کا اطلاق کیا جائے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 3: کمرۂ جماعت کی تخمین سے کیا مراد ہے؟ تخمین کی وہ قسم جو آپ کے خیال میں کلاس کے اختتام پر طلبہ کی آموزش کی جانچ کرے کون سی ہے؟ (خزاں 2016ء)

یا تخمینی تکنیکیں بیان کیجئے جو آج کل کمرہ جماعت کی تخمین کے لیے موثر ہیں۔ (خزاں 2016ء)

جواب: اس کا جواب سوال نمبر 2 (تکمیلی تخمین) سے ملاحظہ کریں۔

یا کمرۂ جماعت کی تخمین سے کیا مراد ہے؟ نیز کمرہ جماعت کی تخمین کی خصوصیات تحریر کریں۔

What is meant by class room assessment? Write down the characteristics of class room assessment.

یا تشخیص کمرۂ جماعت کی تعریف کریں۔ نیز اس کی خصوصیات بیان کریں۔ (خزاں 2016ء)

Define classroom assessment. Describe the characteristics of classroom assessment.

یا کمرۂ جماعت کی تخمین سے کیا مراد ہے؟ تخمین کی وہ قسم جو آپ کے خیال میں کلاس کے اختتام پر طلبہ کی آموزش کی جانچ کرے کون سی ہے؟ (خزاں 2016ء)

جواب: کمرۂ جماعت کی تخمین (Class Room Assessment):

محض نصاب کے معاملے میں ماہرین کو سوالات کے جوابات دینا پڑتے ہیں کیا تخمین کی ضرورت ہے؟ تخمین کی کیوں ضرورت ہے؟ تخمین کب اور کیسے کی جائے؟ تخمین کو نگار عمل اور تدریس کا حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ تاہم تخمین میں درسی صورتحال کے مطابق جزو ہونے چاہئیں۔ مثال کے طور پر پر لطف، با مقصد، دلچسپ اور خطرے سے بھرپور۔

1۔ تخمین کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟:

تعلیمی پروگرام اور نصاب مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ یہ مقاصد پروگرام اور تعلیمی پیریڈ کے دوران حاصل کیے جانے والے ہدف بن جاتے ہیں جو ماہرین پروگرام اور نصاب کی تربیت کا کام کرتے ہیں۔ یہ معلوم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں کہ مقررہ اہداف کس حد تک حاصل ہوئے ہیں اور کب مطلوبہ ترقی اور بہتر کارکردگی متعلمین میں نظر آ رہی ہے۔

مقاصد کے حصول کی سطح کو جانچنے کے لیے تخمین کی باقاعدگی سے منصوبہ بندی (Planning) کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اگر باقاعدہ پلاننگ نہ کی جائے تو نتائج کی اہمیت غیر موثر ہوگی۔

مقاصد کی تشخیص رویہ جاتی یا کرداری انداز میں ہونی چاہیے۔ اگر مقاصد واضح بیانات ہوں تو معلم کو انہیں کرداری شکل میں تبدیل کرنا ہوتا ہے۔

1۔ طے شدہ مقاصد کی ترقی کا اندازہ لگانا۔
2۔ متعلم کے سیکھنے کی ترقی کا اندازہ لگانا۔
3۔ ہر متعلم کو اس کے خاص تصورات، مہارتیں سمجھنے کا عمل، معاملے پر قابو پانے کا طریقہ، رویوں اور دیگر مطلوبہ عوامل

Elmas Ali

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37245454

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

میں کامیابیوں کے اضافے کے بارے میں حوصلہ افزائی مہیا کرنا۔

4۔ تدریس کی حکمت عملیوں کی تاثیر اور نصابی مواد کے بارے میں آراء جمع کرنا۔

5۔ متعلمین کی تعلیمی مشکلات کا احاطہ کرنا۔

6۔ معالجاتی اقدام اٹھانا۔

7۔ متعلمین میں تحریک بیدار کرنا۔

8۔ متعلمین کی نئی کلاس میں منتقلی کے لیے درجہ بندی کرنا۔

9۔ متعلمین کو ان کی اہلیتوں، قابلیتوں اور دلچسپیوں کے مطابق رہنمائی مہیا کرنا۔

2۔ کیا تخمین کی جائے؟:

کیا تخمین کی جائے؟ یہ بات مواد کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ استاد کو نصاب کا لائحہ عمل جس میں علم، مہارتیں اور رویے شامل ہیں۔ ان کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنا ہوتا ہے۔

اگر معلم کو اس بات کا علم نہ ہو کہ متعلمین کو کیا یعنی کون سا مواد پڑھنا ہے، کون سی صلاحیتیں اور رویے اختیار کرنے ہوں گے تو تخمین غیر مؤثر ہوگی۔

تخمین کے اہم میدان درج ذیل ہیں۔

Elmas Ali

(i) نفس مضمون:

اس میدان میں تخمین علم، فہم، حقائق کا تعین، اصول، تصورات اور انکے مابین رشتے کا تجزیہ، ترکیب اور جائزہ پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔

(ii) قابلیتیں:

تخمین متعلم کے مختلف مرتب کردہ قابلیتوں میں مختلف مقامات پر صلاحیتوں کے بارے میں آگاہی کرتی ہے۔

3۔ تخمین کس انداز میں کی جائے؟:

عام طور پر تخمین کے دو انداز ہیں۔

(i) مسلسل تخمینی نظام:

یہ تخمین تعلیمی پیریڈ کے دوران وقوع پزیر ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ششماہی نظام یا معینہ مدت کا نظام۔

(ii) اختیاری تخمینی نظام:

یہ تخمین کا روایتی نظام ہے جو کہ تعلیمی پیریڈ کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر سالانہ نظام۔

4۔ تخمین کس وقت کی جائے؟:

آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ متعلمین تدریس کے دوران سوالات کرتے ہیں۔ ایک باب مکمل ہونے پر یا کچھ

AIOU LIBRARY Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

وقفے کے بعد مثلاً ہفتہ وار، ماہانہ اور کورس مکمل ہونے پر ٹیسٹ لیتے ہیں۔ تدریس کے دوران تشکیلی تخمین اور تدریس کے ششماہی یا سالانہ امتحان ہوسکتا ہے۔ اس تخمین کی بنیادی اقسام کے واضح اوصاف درج ذیل ہیں۔

خصوصیات	دوران کار	اختیاری
توجہ	سبق کی منصوبہ بندی	کورس کے اہداف
کورس کا اختتام	محدود	وسیع
ترتیب دینے کا ٹائم	تدریس کے دوران	کورس کا اختتام
مشکل کی سطح	چھوٹا درجہ	وسیع دائرہ کار
نتائج کا استعمال	بہتری	درجہ بندی۔ تدریس کی جانچ

☆ تعلیمی تخمین کے اہم مقاصد:

1۔ متعلقہ مواد کی شناخت اور انتخاب کرنا۔
2۔ علم، مہارتوں اور رویوں کی نمو و بندش کی مانیٹرنگ کرنا۔
3۔ تخمین کے لیے طریقہ کار کا منتخب کرنا (تحریری، زبانی، عملی)۔
4۔ تخمینی آلات کا استعمال اور انتخاب کرنا اور نشان اندازی طریقے کی تیاری کرنا۔
5۔ تخمین کو استعمال میں لانا۔
6۔ نمبر درج کرنا۔
7۔ نتائج اور معلومات کا جائزہ لینا۔
8۔ معلومات کا استعمال کرنا۔

Elmas Ali

☆ کلاس روم کی تخمین کی خصوصیات:

Characteristics of Class Room Assessment):

کلاس روم کی تخمین کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1۔ اندازہ لگانے میں آسانی:

کلاس روم میں طلبہ کا انفرادی طور پر کامیابیوں کے درجے کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ اس میں نہ کسی تعلیمی پروگرام
نہ ہی کسی طریقۂ تدریس اور نہ ہی ان عوامل کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو متعلمین کی پرفارمنس پر اثر انداز ہو رہے ہوتے ہیں
تخمین کے عمل میں مفروضات کے ذریعے ان عوامل کو رد کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی بلکہ چند اندازے پیش کر دیئے جا
ہیں تاکہ انفرادی طور پر متعلمین کی اور مجموعی طور پر جماعت، مدرسے اور پروگرام کی کارکردگی کے بارے میں تسلی ہو جائے
تخمین کا عمل لگاتار جاری رکھنے سے گراف کی تیاری میں معاونت ملتی ہے۔ جس کی مدد سے بروقت اندازے لگانے آسا
ہو جاتے ہیں۔ جن کے پیش نظر غیر مؤثر پروگرام ختم کر دیے جاتے ہیں بلکہ مؤثر اور اہم پروگرام جاری رکھے جاتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

2۔ مؤثر منصوبہ بندی:

اسکول کے متعلمین مسلسل تخمینی عمل سے گزرتے ہیں۔ اکثر وہ متعلمین کی صورتوں کا بغور مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ اپنے تدریسی طریقوں اور جماعت کی روزمرہ سرگرمیوں میں تبدیلیاں کرتے ہیں۔ مؤثر تدریس کے اثرات متعلمین کی آنکھوں کی چمک سے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ معلمین طلبہ سے فیڈ بیک حاصل کرتے ہوئے اپنی تدریس کی بہترین انداز میں منصوبہ بندی (Planning) کرتے ہیں اور موزوں حکمت عملیوں کو منتخب کرتے ہیں۔

3۔ مجموعی فیصلوں کے لیے تخمین کی ضرورت:

تخمین کی اہمیت اور معلمین کے فیصلوں میں تخمین کے اثرات کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کیونکہ آزمائشی طریقوں سے حاصل کردہ معلومات پر فیصلہ کرنے اور مجموعی جائزہ لینے کے لیے تخمین کو سامنے رکھنا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ درحقیقت تخمین کا عمل تدریسی عمل کے دوران موجود رہتا ہے۔ اس کے ذریعے معلم اپنے متعلم کی کارکردگی کے متعلق اندازہ لگا سکتا ہے۔ معلم کے متعدد فیصلوں کا دارومدار غیر رسمی مشاہدات اور اندازوں پر ہوتا ہے۔ مثلاً کلاس میں زبانی (Oral) سوالات کرنا وغیرہ۔

Elmas Ali

4۔ تعلیمی مقاصد کا حصول:

کلاس روم میں تدریس کا اہم مقصد طلبہ کو اس قابل بنانا ہوتا ہے کہ وہ متعین کردہ تعلیمی مقاصد کو حاصل کر سکیں۔ ان مقاصد میں متعلمین کے کردار میں نفسیاتی عملی تبدیلیاں شامل ہوتی ہیں۔ جدید تحقیقات سے یہ بات واضح ہوئی ہے کہ کامیاب تدریسی عمل کے لیے فراہم کردہ تدریسی مواد اور متعلمین میں متوقع تبدیلیوں کی پیمائش اور تخمین ناگزیر ہوتی ہے اور اس کے بغیر تدریسی عمل مکمل نہیں ہوتا۔ (1)(ii)

سوال 4: کمرہ جماعت کی تخمین کے اصول بیان کریں نیز تخمین کے کردار کی وضاحت کریں۔

Q4. Describe the Principles of Class Room Assessment. Also explain the Role of Assessment.

imp

جواب: کلاس روم کی تخمین کے اصول:

(Principles of Classroom Assessment):

تخمین متعلمین کی نشوونما اور آموزش کی نوعیت متعین کرنے کا ایک مربوط عمل ہوتا ہے۔ یہ عمل اس شکل میں مؤثر ثابت ہو سکتا ہے جب درج ذیل اصولوں کو سامنے رکھا جائے۔

1۔ تشکیلی تخمین (Formative Assessment):

کلاس روم کی تخمین تشکیلی ہونی چاہیے کیونکہ یہ کسی تصور یا عمل کی تشکیل میں اہمیت رکھتی ہے۔ یہ درس و تدریس کے عمل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ یہ معلم کو آگاہ کرتی ہے کہ متعلم نے گروپ میں یا انفرادی طور پر جو پڑھایا گیا اس میں نے کس حد تک سیکھا اور مزید رہنمائی کی ضرورت ہے اور مقصد کے لیے کلاس روم میں کون کون سی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سرگرمیاں موزوں ہیں۔ یہ معلم کو تدریسی منصوبہ بندی میں فیڈ بیک فراہم کرتی ہیں۔ تخمین معلم کو یہ جاننے میں معاونت فراہم کرسکتی ہے کہ متعلم نے کتنا سیکھا ہے اور اسے کتنا سیکھنا چاہیے تھا۔ اگر معلم کی تدریس مؤثر ہوگی تو تشکیلی تخمین کی مدد سے بہت فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

2۔ منصوبہ بندی (Determine Planning):

تخمین معلم کو مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ پہلے معلم کو تخمین کا مقصد متعین کرنا چاہیے کہ معلم تخمین کے نتائج کی مدد سے کس طرح کا فیصلہ کرنا چاہتا ہے اور پھر معلم کو اس فیصلہ کے بارے میں معلومات جمع کرنی چاہئیں۔ اس کے بعد جمع شدہ معلومات کو تعبیر کرنا چاہیے۔ آخر میں اسے حتمی یا پیشہ ورانہ فیصلہ کرنا چاہیے۔ اس پلان کو حقائق کی شکل میں تجویز کرے۔ جن کو کلاس روم میں تخمین کی مشق کے طور پر حقیقی مقاصد کے حصول کے لیے پیش کیا جائے۔

3۔ تدریسی خدمت گار (Serve Teaching):

کلاس روم کی تخمین درس و تدریس میں فیڈ بیک فراہم کر کے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جس کی مدد سے معلم کو اپنی تدریسی مؤثریت کے متعلق معلوم ہوتا ہے۔ تخمین کو تدریس کا لازمی عنصر ہونا چاہیے۔ ایک مؤثر اور بہترین استاد اپنی تدریس کے دوران تخمین کا عمل بھی جاری رکھ رہا ہوتا ہے۔ وہ اپنے متعلمین کی تخمین کے لیے ہر ممکن طریقہ استعمال میں لاتا ہے۔

Elmas Ali

4۔ آموزشی خدمت گار (Serve Learning):

کلاس روم میں تخمین آموزشی عمل کا ایک لازمی حصہ ہے۔ وہ طریقے جن کی مدد سے متعلمین کی کارکردگی کی تخمین کی جاتی ہے۔ وہ اس کی آموزش میں بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس کی مدد سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ متعلم کون ہے؟ اس کی صلاحیتیں کیا ہیں؟ وہ کیا سیکھنا چاہتا ہے؟ اور اس نے کیا سیکھا ہے؟ تخمین اور تعلم ایک دوسرے کے لیے نہایت اہم ہیں جن کو الگ کرنا ممکن نہیں۔

5۔ نصاب خدمت گار (Curriculum Serve):

تخمین بطور نصاب خدمت گار ہونی چاہیے۔ ماہرین تخمین اس کو نصابی چکر میں اہم جزو قرار دیتے ہیں۔ اس لیے متعلمین کی تخمین کیسے کی جائے؟ اس بات کا فیصلہ نصابی کورس منصوبہ بندی (Planning) کی ابتداء میں ہی کر لینا چاہیے۔

6۔ دوطرفہ تخمین (Interactive Assessment):

تخمین دوطرفہ ہونی چاہیے کیونکہ یہ تعلم کو بامعانی اور بامقصد بنانے کے لیے پس منظر فراہم کرتی ہے اور متعلم کو سماجی تعامل کے لیے تیار کرتی ہے۔ تخمین اور آموزش یک جان دو قالب ہیں جن کو الگ نہیں کیا جاسکتا۔ مؤثر تخمین ایک ایسا عمل نہیں جو محض ایک فرد کرتا ہے۔ جیسے معلم یا متعلم یا کوئی اور، یہ دوطرفہ عمل ہوتا ہے جس میں معلم اور متعلم دونوں متعلم کی کارکردگی کو پرکھ رہے ہوتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

7۔ متعلم مرتکز (Concentrated Student):

تخمین کا مقصد متعلمین کی تعلیمی کارکردگی کی جانچ پرکھ کرنا ہوتا ہے۔اس لیے تدریسی عمل کے لیے ایسے طریقے اپنائے جاتے ہیں جن کی مدد سے متعلمین کو سیکھنے کے لیے آمادہ کیا جاتا ہے اور ان کے اندر احساس ذمہ داری بیدار کی جاتی ہے۔کلاس روم تخمین میں متعلم کی شرکت سے آموزشی اضطراب کم ہوتا ہے اور مؤثر نتائج کے لیے متعلم زیادہ متحرک ہوتا ہے۔

8۔ تشخیصی تخمین (Diagnostic Assessment):

کلاس روم تخمین ایک تشخیصی عمل ہوتا ہے کیونکہ معلم اس عمل کی مدد سے متعلم کی اچھائیوں اور کمزوریوں سے واقف ہوتا ہے اور استاد کو موقع ملتا ہے کہ وہ آموزشی مشکلات کا سامنا کر سکے۔اگر تخمین کا مقصد تشخیصی فیڈ بیک فراہم کرنا ہو تو اس سے تعلیمی عمل زیادہ مؤثر اور نتیجہ خیز ہو جاتا ہے۔

9۔ شفاف متعلم (Transparent Student):

متعلم کے بارے معلم ہر قسم کی معلومات کے حاصل کرنے کے لیے تخمین سے معاونت لیتا ہے۔دُوسرے الفاظ میں اسے متعلم کے لیے ٹرانسپیرنٹ ہونا چاہیے اور جس کا تخمینہ کیا جا رہا ہو تو اسے معلوم ہونا چاہیے۔نیز متعلم کو اس بات کا بھی پتہ ہونا چاہیے کہ اس کا تخمینہ کس وجہ سے کیا جا رہا ہے اور کن طریقے سے تخمینہ کیا جائے گا کیونکہ تخمین آموزشی عمل ہے۔اس لیے اسے متعلم کے ساتھ ہی وقوع پزیر ہونا چاہیے۔اس لیے اہم ہے کہ تخمین کا شیڈول تدریس کی ابتداء میں ہی فراہم کر دیا جائے۔

10۔ تخمین کے ذریعے فیصلہ سازی:

(Assessment should be non-judgmental):

کلاس روم کی تخمین میں ہر شے کی پختہ آموزش ہوتی ہے۔جس کی بناء پر متعدد فیصلے کیے جاتے ہیں مثلاً متعلمین کی ضروریات، متعلمین کے متحرکات، تدریسی طریقے، سرگرمیاں، مطالعہ کا شیڈول، سابقہ جان پہچان کورس کے مقاصد وغیرہ۔اس لیے لازمی ہے کہ کلاس روم تخمین مؤثر اور باقاعدہ ہو۔اس کا مقصد کسی فرد کی الزام تراشی اور تعریف کرنا نہ ہو بلکہ تدریس کی مؤثریت کو جانچنا ہو۔

Elmas Ali

11۔ تخمین باہمی فہم کی تشکیل:

(Assessment should develope a mutual understanding):

کلاس روم تخمین کی مدد سے ایسا ماحول تشکیل دیا جا سکتا ہے جس کی مدد سے معلم اور متعلم کا تعلق مضبوط ہو سکے اور دونوں ایک دوسرے کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں۔اس طرح آموزش کا عمل زیادہ مؤثر طریقے سے وقوع پزیر ہو سکتا ہے۔

12۔ تخمین تدریس کا عکس:

(Assessment should Involve Reflective Teaching):

تخمین کی مدد سے معلم اپنی تدریس کی خوبیوں اور خامیوں کا آسانی سے احاطہ کر سکتا ہے۔جس کے ذریعے وہ نہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

صرف اپنی تدریسی پلاننگ میں مؤثر ہو سکتا ہے بلکہ وہ متعلمین کی نفسیات و ضروریات کے مطابق سرگرمیوں کا انتخاب بھی کر سکتا ہے۔

☆ تخمین کا کردار (Role of Assessment):

"کیلوف اینڈ کیلوف کے مطابق"

"تدریس اور تعلم دونوں باہمی عمل ہیں جو ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں اور باہم اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس طرح تخمین کے اجزاء کا تعلق اس بات سے ہوتا ہے کہ متعلم کا تعلم کس حد تک مؤثر ہے؟ اور معلم کی تدریس کس حد تک مؤثر ہے؟"

1- تخمین متعلمین کی درجہ بندی اور انہیں گریڈ فراہم کرنے سے زیادہ کام کرتی ہے۔ یہ طلبہ کی توجہ کو مرکوز کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

2- گبز (Gibbs) نے تخمین کے چھ اہم فنکشنز (Functions) بیان کیے ہیں۔

1- طلبہ کے وقت اور توجہ کو مرکوز کرنا۔
2- متعلمین کی موزوں آموزش سرگرمیوں کی ہدایت کرنا۔
3- بروقت ردعمل فراہم کرنا جس پر متعلمین توجہ مرکوز کریں۔
4- متعلمین میں مساوات کے نظریات اور معیارات کو جاگر کرنا۔
5- طلبہ کو نمبر اور گریڈ فراہم کرنا جس کے ذریعے وہ نمایاں، سکیں۔ (پاس/فیل کرنے کے قابل بنانا)
6- کورس کے علاوہ دوسرے ثبوت پیش کرنا جو کورس کی موزونیت کو جانچنے کے قابل بنائیں۔

3- سرگنر (Surgenor) نے 2010ء میں تعلیم میں تخمین کے کردار کا خلاصہ درج ذیل نکات کی صورت میں پیش کیا ہے۔

1- یہ طلبہ کی توقعات کو پورا کرتی ہے۔
2- متعلمین میں تحریک پیدا کرنے میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔
3- یہ غلطیوں کی اصلاح کے لیے مناسب مواقع فراہم کرتی ہے۔
4- یہ ترقی کے لیے آمادگی ظاہر کرنے میں مدد دیتی ہے۔
5- یہ تشخیصی آلے کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔
6- یہ گریڈ اور درجہ بندی کرنے کے قابل بناتی ہے۔
7- یہ متعلمین کے لیے کارکردگی کو واضح کرتی ہے۔
8- یہ معلمین کی کارکردگی کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے۔
9- یہ ادارے کی کارکردگی کی وضاحت کرنے کا سبب بنتی ہے۔
10- یہ آموزش کے لیے سہولت کا کام کرتی ہے۔

Elmas Ali

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 37245454-42

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 5: تعلیمی جائزہ، پیمائش، تخمین اور آزمائش کے تعلیمی عمل میں تعلق کی وضاحت کریں۔

Q5. Explain Relationship between Measurement, Assessment, Evaluation and Test.

Elmas Ali

جواب: اہم نکات (Important Points):

ان اہم نکات سے تعلیمی عمل میں پیمائش، تخمین، جائزہ اور آزمائش کے باہمی تعلق کی وضاحت ہوتی ہے۔

1۔ تعلیمی جائزہ ایک جامع عمل ہے جس کی وسعت سے تعلیمی عمل یا اس کے کسی پہلو کے متعلق معلومات جمع کر کے فیصلے مرتب کیے جاتے ہیں۔ جائزے کے عمل میں پیمائش، تخمین اور آزمائش تمام شامل ہیں۔ یہ باہم ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں اور لازم وملزوم بھی ہیں۔

2۔ جائزہ متعلمین کی جانچ کے لیے زیادہ بامعنی اصطلاح ہے۔ جائزے اور پیمائش کے عمل میں تخمین اور آزمائش ہماری رہنمائی کرتی ہیں۔ ان آزمائشوں کو بہت احتیاط سے تیار کرنے کی اور مہارت کے ساتھ استعمال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر متعلمین کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے۔

3۔ تعلیمی پیمائش جائزے کے عمل کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ تعلیمی پیمائش کا کام عددی معلومات مہیا کرنے کے بعد مکمل ہو جاتا ہے۔ اس سے آگے جائزہ کے عمل کی ابتداء ہو جاتی ہے لیکن پیمائش کی فراہم کردہ معلومات پر جائزے کے عمل کا دارومدار ہوتا ہے جبکہ آزمائش یعنی ٹیسٹ صرف آلات ہیں جو ضروری معلومات فراہم کرتے ہیں۔ ان کو استعمال کر کے تعلیمی پیمائش کے اندازے لگائے جاتے ہیں۔ اس طرح جائزہ پیمائش سے زیادہ وسیع تصور ہوتا ہے۔

4۔ تعلیمی جائزہ ایسا منظم طریقہ کار ہوتا ہے جس میں تعلیمی پیمائش کی دونوں صورتوں یعنی مقداری اور خاصیتی کو استعمال کیا جاتا ہے۔ عددی معلومات کی فراہمی کے لیے مقداری پیمائش کے باضابطہ طریقوں یعنی آزمائشوں کے استعمال سے علوم وفنون میں اکتساب کے نتائج حاصل کیے جاتے ہیں جبکہ خاصیتی پیمائش کے مختلف طریقے مثلاً سادہ منظم مشاہدہ، واقعاتی ریکارڈ، پڑتالی فہرست اور شرحی پیمانے وغیرہ کی معاونت سے کردار اور رویوں کی بابت بیانیہ معلومات جمع کی جاتی ہے۔ تخمین کی معاونت سے غیر منظم مشاہدہ اور ان افعال کی قیمت کے طریقوں سے معلومات جمع کر کے اندازے لگائے جاتے ہیں۔ تعلیمی جائزے کا مطمع نظر یہ ہوتا ہے کہ ان تمام حل شدہ معلومات کو بنیاد بنا کر فیصلے تک منتقل کیا جائے۔

5۔ جائزہ پورے تعلیمی عمل یا تدریسی پروگرام یا تعلیمی سال میں کارکردگی کی پیمائش مطلوبہ مقاصد کی روشنی میں کرتا ہے مثلاً یہ کہ مخصوص تعلیمی مقاصد کے حصول میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔ تعلیمی پیمائش میں کسی ایک مضمون میں اکتساب مخصوص اہلیت کا تعین کیا جاتا ہے۔ جبکہ جائزے میں نصابی مقاصد کی پیمائش کا دائرہ کار جامع اور وسیع ہوتا ہے۔ پیمائش میں محض مقدار پر بحث کی جاتی ہے جبکہ جائزہ کسی معیار یا کسوٹی کے مطابق کسی مقدار کو واضح کرتا ہے تاکہ پیمائش کی گئی مقدار کے متعلق خاصیتی اعتبار سے کوئی فیصلہ صادر کیا جا سکے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal - WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

6۔ جائزے کے ذریعے کردار کے بارے میں معلومات کو تمام ذرائع سے حاصل کر کے اکٹھا کیا جاتا ہے۔ پھر ان تعبیر کی جاتی ہے تا کہ فرد کی مکمل تصویر سامنے آ جائے۔ جائزہ اور پیمائش مختلف آزمائشوں کی معاونت سے معلومات فراہم کرتے ہیں تا کہ معلم اپنے متعلمین کو درست طور پر سمجھ سکے۔ ان کی ضروریات اور مسائل سے واقف ہو سکے اور ان کی معاونت اور رہنمائی کی جا سکے تا کہ وہ اپنی قابلیت سے مستفید ہو سکیں۔

7۔ جائزہ ایک ایسا طریقہ کار ہے جو اپنے اندر پیمائش اور ممکن حد تک آزمائش کو سموئے ہوئے ہے۔ مثلاً ایک معلم ایک آزمائش کس جماعت کو دیتا ہے اور صحیح جوابات کی اوسط نکال لیتا ہے۔ یہ پیمائش کہلائے گی۔ ان نمبروں کی تشریح توضیح یا ترجمانی کے لیے کسی اور آلے کی جانب لے جانا ہوگا۔ اگر ان نمبروں کے ساتھ آپ نے گریڈ A, B, C, D, E وغیرہ لگانے میں اور ان میں سے بہترین مناسب اور کمزور طلبہ کا انتخاب کرنا ہے تو آپ جائزے کے دائرہ کار میں آ گئے ہیں۔

8۔ جائزہ اکثر اوقات صرف معروضی معطیات (Objective Data) پر مبنی ہوتا ہے تاہم یہ عموماً دو یا دو سے زائد ذرائع سے حاصل کردہ معلومات کی ترکیب کا نام ہے۔ یہ ذرائع آزمائشوں کے نمبر، اقدار اور طبع وخیال ہو سکتے ہیں۔ کچھ ذرائع بالکل داخلیت پر مشتمل معلومات مہیا کرتے ہیں۔

9۔ جائزہ ایک جامع اصطلاح ہے جس میں آزمائش، پیمائش اور تخمین جیسی اصطلاح کی شمولیت ہے۔

10۔ جائزہ ایک وسیع طریقہ کار ہے جب کہ پیمائش ایک محدود طریقہ کار ہے اور جائزے کے عمل کا ایک حصہ ہے۔

11۔ جائزے سے کارکردگی کا مسلسل اندازہ کیا جاتا ہے اور مستقل رویے، رجحان، مستقل کے پیشوں کا اندازہ لگایا جاتا ہے جبکہ پیمائش خاص وقت پر کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے۔

12۔ پیمائش متعلم کے مختلف مضامین میں حاصل کردہ نمبر فراہم کرتی ہے۔ اس میں متعلم کے درجہ کا معلوم نہیں ہوتا جبکہ جائزے میں یہ واضح ہوتی ہے۔ پاس یا فیل، فرسٹ کلاس اور جماعت میں درجہ وغیرہ بتایا جاتا ہے۔ جائزے میں ان نمبروں کی بنیاد پر فیصلہ کیا جاتا ہے کہ متعلم آنے والی کلاس میں ترقی پائے گا یا نہیں اور ایک درجے کی تکمیل کرنے کے بعد اس کے لیے کون سا شعبہ مؤثر رہے گا۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

یونٹ 2

Elmas Ali

مقاصد اور تخمین
Objectives & Assessment

سوال 1: ٹیسٹ کے مقاصد بیان کریں۔

Q1. Describe the purposes of Test.

یا ٹیسٹ کے مقاصد کی لسٹ تحریر کریں۔

Write down the list of objectives of Test.

جواب: ٹیسٹ کے مقاصد (Purposes of Test):

تدریس کے عمل میں سب سے پہلا اور اہم قدم تدریسی مقاصد کے تعین کا ہوتا ہے۔ روزانہ ایسے بہت سے عنوانات زیر بحث آتے ہیں جن کی معاونت سے معلم متعلمین کے رجحانات، کامیابیوں اور ذاتی نشوونما کے متعلق رائے قائم کرتا ہے۔ یہ رائے متعدد قسم کے ٹیسٹوں کی معاونت سے قائم کی جاسکتی ہے۔ ان ٹیسٹوں کی بنیاد پر معلم یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ متعلم نے کیا کچھ حاصل کیا ہے اور مزید اسے کیا کچھ حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

تعلیمی ضروریات = متعلم کی حالیہ سطح - متعلم کی مطلوبہ سطح

آزمائش (Test) کی اہمیت کو مزید جاننے کے لیے درج ذیل سوالات کے جوابات مزید مفید ثابت ہوتے ہیں۔

1۔ متعلمین کے گروہ کے لیے تدریسی پلان کس حد تک حقیقی ہے۔ ذہنی صلاحیت کا ٹیسٹ ماضی میں کامیابی کا ریکارڈ
2۔ زیادہ بہتر پڑھائی کے لیے متعلمین کے کس طریقے سے گروپ بنائے جائیں۔ (ذہنی صلاحیتوں کے سکور کی وسعت، ماضی میں کامیابیوں کا ریکارڈ)
3۔ کیا متعلمین اگلے تدریسی تجربے کے لیے تیار ہیں؟ اگر تیار ہیں تو کس حد تک؟ (تیاری کا ٹیسٹ، پری ٹیسٹ، ضرورت سے زیادہ اہلیت، ماضی میں کامیابیوں کا ریکارڈ)
4۔ متعلمین کس لیول تک مندرجات کے حصول کو ممکن بنا رہے ہیں۔ (ماسٹری ٹیسٹ)
5۔ بہت کم ضروریات سے آگے طلبہ کی کارکردگی کس حد تک ہے۔ (عمومی کامیابی کے ٹیسٹ، سپر اڈک ٹیسٹ)
6۔ متعلمین کس قسم کے تدریسی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ (تشخیصی ٹیسٹ)
7۔ کون سے متعلمین کم کامیابی حاصل کر رہے ہیں۔ (ذہنی صلاحیتوں کا ٹیسٹ، کامیابیوں کا ٹیسٹ)

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

علومات حاصل نہیں کر سکتے۔ آج تک کوئی ایسا ٹیسٹ یا آلہ کی ایجاد نہیں ہو سکی۔ جس کے ذریعے ہم فرد کی پوری صلاحیت
ا جانچ پرکھ کر سکیں اور ایسا ممکن بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ انسان کے طرزِ عمل پر روزمرہ کے حالات اور تربیت کے اثرات کی
ہ سے مساوی تغیرات نمایاں ہوتے رہتے ہیں۔ اس لیے ایک ہی وقت میں اس کی جملہ صلاحیتوں اور جذبات و
نساسات سے آگاہی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ٹیسٹ کی رہنمائی سے انسان کی صلاحیت کے کسی ایک گوشے (Sample)
اس کی شخصیت کے کسی ایک پہلو (aspect) میں وقوع پزیر تغیرات کی جانچ کی جا سکتی ہے۔

☆ مسٹر زرفوس کے مطابق (According to Mr. Zerfoss):

''امتحان/ٹیسٹ کسی شخص کے طرزِ عمل کے باقاعدہ طور پر مشاہدہ کرنے اور اسے کسی عددی پیمانے یا کسی سلسلہ
اری طریقہ کی معاونت سے بیان کرنے کا نام ہے۔''

"Test is objective organized and statistically refined instrumen o
method to measure some specific skill behaviour or characteristic und
standardized conditions."

ں تعریف کے حوالے سے ٹیسٹ اس شے کا نام ہے جس کی مدد سے ایک منظم اور باقاعدہ طریقے سے فرد کے
رزِ عمل کا جائزہ لیا جائے اور اس خاص عددی علامت سے نتیجے کا اظہار کیا جائے اور اس کی روشنی میں ایک خاص رائے قائم
کی جائے۔

اس تعریف سے یہ بھی واضح ہوتی ہے کہ ٹیسٹ محض متعدد سوالات اور جوابات تک محدود نہیں۔ شخص کے
رزِ عمل کا مشاہدہ کرنے کے لیے دیگر طریقوں کو بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر کوئی خاص کام کرتے وقت شخص کے طرزِ عمل کا مشاہدہ کرنے کے بعد اس کے متعلق کوئی رائے
قائم کی جا سکتی ہے۔ اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ کوئی شخص دوسروں سے معاملات کرنے کی کیا صلاحیت کس حد تک رکھتا ہے اور جب
وہ خاص مواقع پر اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہو تو ہم اس بات کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اس کے لئے قائم بھی کر سکتے ہیں کہ وہ
بحیثیت مجموعی خوش اخلاق ہے یا نہیں؟ معاملات کی گہرائی تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتا ہے یا نہیں؟ غرض یہ کہ اس طرح کی
دیگر معلومات کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ انسانی طرزِ عمل کو جانچ کرنے کے بارے میں ایک ماہر نفسیات کا طریقہ عمل
ویسا ہی ہوتا ہے جیسا ایک ماہر طبیب کا اپنے مریض کے بارے میں ہوتا ہے۔ ماہر طبیب اپنے مریض کا متعدد انداز میں اور
مخصوص طریقوں سے جائزہ لیتا ہے۔ مرض کے اسباب دریافت کرتا ہے اور اس مرض کو دور کرنے کی تدابیر پر غور و فکر کرتا
ہے۔ پھر صحیح علاج تجویز کرتا ہے اور مؤثر دوائیں مہیا کرتا ہے۔

ماہرین نفسیات بھی اسی طریقے سے شخص کے طرزِ عمل کا مختلف اندازوں میں امتحان لیتا ہے۔ اس سلسلے میں وہ
مؤثر اور مناسب آلات (Tools) مثلاً سوال نامہ، مشاہداتی طریقے، امتحانی پرچے وغیرہ استعمال کرتا ہے اور سکولوں کے
طلبہ و طالبات کے لیے بھی ایسا ہی کیا جاتا ہے۔

8- کون سے مضامین خصوصی کلاسیں لے رہے ہیں۔ (ذہنی صلاحیتوں کا ٹیسٹ، کامیابیوں کا تشخیصی ٹیسٹ)
9- ہر متعلم کو کون سا سکول نشان دیا جائے۔ (تمام اعداد و شمار کا جائزہ)
10- میری تدریس کس حد تک مؤثر ہے۔ (طلبہ کے ٹیسٹ اور ان کی کامیابیوں کی شرح اوسط)

مندرجہ بالا تمام مقاصد سے یہ واضح ہوا ہے کہ ٹیسٹ کو تدریسی پروگرام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ درج
ذیل نکات کا جائزہ لیا جا سکے۔

Elmas Ali

1- داخلے کا کردار یا رویہ۔
2- لرننگ اور کارکردگی کا جائزہ۔
3- آموزش میں حائل مشکلات کی تشخیص۔
4- تدریس کے اختتام پر کارکردگی کی پیمائش۔

سوال 2: ٹیسٹ کی تعریف بیان کریں۔ نیز ٹیسٹ کی اقسام تحریر کریں۔

Q2. Describe definition of Test. Also write down the types of Test.

جواب: ٹیسٹ کے معانی (Meaning of Test):

آزمائش کو انگلش میں ٹیسٹ (Test) کہا جاتا ہے۔ اس کے معانی آزمائش، معیار، کسوٹی، جانچ کے طریقے اور پیمائش کے آلے کے ہیں۔

''اصطلاحی طور پر تعلیمی آزمائش سے مراد آزمائش، پرکھ، علم، قابلیت اور مہارت کو جانچنے کے لیے سوالات جن کا جواب حل مطلوب ہو۔''

"Test is a method by which the presence, quality or genuineness of anything is determined."

ٹیسٹ یا آزمائش کی تعریف (Definition of Test):

''ٹیسٹ ایک ایسا آلہ پیمائش ہے جو مخصوص حالات میں فرد کے طرزِ عمل کے ایک نمونے کی پیمائش کرنے کے لیے سائنسی طور پر تیار کیا جاتا ہے۔''

Test is a measuring instrument which is designed scientifically to measure a sample of behaviour in specific condition.

اس تعریف کی مانند ایک اور تعریف بیان کی گئی۔

''نفسیاتی ٹیسٹ لازمی طور پر متعلمین کے طرزِ عمل کے ایک نمونے کی معروضی اور معیاری پیمائش ہوتا ہے۔''

"A Psychological test is essentially an objective and standardized measure of sample of behaviour."

ان تعریفوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ٹیسٹ کے ذریعے فرد کی مجموعی اہلیت یا اس کی شخصیت کے متعلق

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

2۔ ٹیکنیکل شعبہ کی مثال:

تربیت کا دورانیہ ختم ہونے پر لرنر (Learner) اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ آدھے گھنٹے تک ٹریفک کے اوقات میں گاڑی چلا سکتا ہے۔ اس دوران نہ تو وہ ٹریفک قانون کی خلاف ورزی کرے گا اور نہ ہی کوئی حادثہ کرے گا۔ اس مثال میں گاڑی کو بہترین طریقے سے چلانا مقصد ہے یا گول (Goal) ہے۔

3۔ مثال:

ریاضی کے مضمون میں 95% متعلمین اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ فراہم کردہ دس منٹ کے دورانیے میں تقسیم ر چار ہندسوں سے لے کر 32 ہندسوں تک کے دس سوالات کو حل کرنے میں مہارت کو زیادہ کرنا مقصد یا گول (Goal) ہے۔ مقاصد عموماً نشوونما اور عمل سے متعلق ہوتے ہیں۔ مقاصد ذیلی سرگرمیوں کو سمتیں یا اطراف فراہم کرتے ہیں اور اختتام پر مقصد اگول میں کامیابی کی پیائش کی جاتی ہے۔ مقاصد تدریسی ہوں یا پروگرام سے تعلق رکھتے ہوں۔ تعلقاتی بنیاد کا قیام کرتے ہیں۔ ں کے علاوہ پیائش، مواد اور تکنیکی مہارت کی بنیاد بھی قائم کرتے ہیں۔

''مقاصد با ت معلمین کے لیے رہنما روشنی ہوتے ہیں جس کی مدد سے وہ ٹیسٹ بناتے ہیں۔''

☆ تدریسی حاصلات کی خصوصیات:

(Characteristics of Educational Outcomes):

مقاصد متعدد طریقوں سے ہدایات دیا کرتے ہیں یعنی یہ ان کے حصول کی عمومی حکمت عملی اور خصوصی سرگرمیاں پیش کرتے ہیں۔ مثلاً، انگریزی کے تین معلمین اے۔بی۔سی ہیں۔ معلم ''اے'' کے کوئی خاص مقاصد نہیں ہیں یہ محض انگریزی پڑھاتے ہیں، معلم ''بی'' کے کچھ اہم مقاصد ہیں یعنی متعلمین کو بول چال میں مہارت پیدا کرنے والی انگریزی سکھائی جاتی ہے۔ معلم ''سی'' کے مقاصد یہ ہیں کہ وہ متعلمین کو انگریزی بننے اور بولنے کا فن سکھائے۔ اس مثال سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کمرہ جماعت کی سرگرمیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

معلم اے: انگریزی کی کتاب ہر روز بلند آواز میں پڑھاتے ہیں۔

معلم بی: انگریزی بولتے ہیں۔ انگریزی بول چال کے ریکارڈ سناتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ متعلمین باہم انگریزی زبان میں بات کریں۔

معلم سی: اپنا زیادہ تر وقت اس امر پر صرف کرتے ہیں کہ متعلمین انگریزی سے اردو اور اردو سے انگریزی میں تراجم کریں۔ اس طرح تدریس کے مقاصد تعلیم کے نتائج کے لیے ہدایات مہیا کرتے ہیں۔

متعلم اور معلم دونوں جانتے ہیں کہ انہیں ایک دوسرے سے کیا توقعات ہیں۔

اس مثال سے معلوم ہوتا ہے کہ معلم اے مخصوص تدریسی نتائج کی توقع نہیں کرتا۔

جبکہ معلم بی اور سی خصوصی تدریس کے نتائج کی توقعات کرتے ہیں۔ اگر مقاصد دستیاب ہوں گے تو تعلیم کے نتائج کو متعین کرنے میں آسانی ہوگی۔

☆ ''مرے پرنٹ'' کے مطابق تدریسی حاصلات کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں۔

☆ ٹیسٹوں کی اقسام (Types of Tests):

1- موضوعی ٹیسٹ (Subjective Test)

2- معروضی ٹیسٹ (Objective Test) لیکن ان میں 2 مندرجہ بالا ہیں جو کہ اہم اور لازمی ہیں۔ ابتدائی سطح کے معلم ٹیسٹوں کی متعدد اقسام ہوتی ہیں لیکن ان سے وہ جوابات تحریر کر سکیں۔ اس لیے ان کے لیے مختصر میں یہ قابلیت نہیں پائی جاتی کہ وہ دیئے گئے سوالات کے وسیع اور لمبے جوابات تحریر کر سکیں۔ اس لیے ان کے لیے مختصر معروضی قسم کے امتحانات موثر سمجھے جاتے ہیں۔ معروضی ٹائپ کے ٹیسٹ کو منتخب جوابات امتحان بھی کہا جاتا ہے ٹیپ میں جوابات فراہم کر دیئے جاتے ہیں اور متعلم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صحیح جواب کا انتخاب کرے

Range	150-50+1= 101	150-50+1=101

Elmas Ali

مذکور بالا جدول سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ دونوں ڈسٹری بیوشنز کا مرکزی رجحان اور رینج یکساں ہے یعنی مین (Mean)، میڈئین (Median) اور موڈ (Mode) سب 100 کے برابر ہیں، جبکہ دونوں ڈسٹری بیوشنز کی رینج 101 ہے۔ مرکزی رجحان کی تمام پیمائشوں اور رینج یکساں ہونے کے باوجود دونوں ڈسٹری بیوشنز میں انتشار پایا جاتا ہے۔ آیئے اسے معیاری انحراف (Standrad Deviation) کی شکل میں ثابت کرتے ہیں، پہلے ڈسٹری بیوشن اے (A) کا جائزہ لیتے ہیں۔

A	$\bar{X}$	X	X^2
150	100	50	2500
145	100	45	2025
100	100	0	0

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

100	100	0	0
55	100	-45	2025
50	100	-50	2500
600	100	0	9050
پرنٹ نظر نہیں آرہا	پرنٹ نظر نہیں آرہا	پرنٹ نظر نہیں آرہا	پرنٹ نظر نہیں آرہا

اب فارمولا میں حاصل ہونے والی قدروں کا اندراج کریں گے۔

Measure	A
$S^2 = \frac{\sum X^2}{N-1}$	$\frac{9500}{6-1} = \frac{9050}{5} = 1810$
$S = \sqrt{S^2}$	$\sqrt{1810} = 42.50$

خیال رہے کہ اس انداز میں تفاوت (Variance) اور معیاری انحراف (Standard Deviation) معلوم کرتے ہوئے میں (Mean) کی ضرورت پڑتی ہے اور اسے ہر سکور سے منہا کرنا پڑتا ہے۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل فارمولا استعمال ہوتا ہے۔

$$S = \sqrt{\frac{N\sum X^2 - (\sum X)^2}{N(N-1)}}$$

اب اس طریقے سے ڈسٹری بیوشن اے (A) کا دوبارہ حساب لگاتے ہیں۔

	A	X^2
	150	22500
	145	21025
	100	10000
	100	10000
	55	3025
	50	2500
	600	69050
N	6	

اب ان قدروں کو دیئے گئے فارمولے میں درج کریں گے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

$$S = \sqrt{\frac{6x69050-(6000)^2}{6(6-1)}}$$

$$S = \sqrt{\frac{414300-360000}{6(5)}}$$

$$S = \sqrt{\frac{54300}{30}} = \sqrt{1810} = 42.5$$

دونوں فارمولوں سے ایک جیسے نتائج ملے ہیں البتہ دوسرا فارمولا زیادہ آسانی سے کام کرتا ہے اور اس میں غلطی کا احتمال بھی کم ہوتا ہے۔

اب یہی حساب ڈسٹری بیوشن بی (B) کے حوالے سے کریں گے۔

	B	X2
	150	22500
	110	12100
	100	10000
	100	10000
	90	8100
	50	2500
N	600	65200

اب حاصل ہونے والی قدروں کو فارمولے میں درج درج کریں گے۔

$$S = \sqrt{\frac{N\sum X^2-(\sum X)^2}{N(N-1)}}$$

$$S = \sqrt{\frac{6x65200-(600)^2}{6(6-1)}}$$

Elmas Ali

$$S = \sqrt{\frac{391200-360000}{6(5)}}$$

$$S = \sqrt{\frac{31200}{30}} = \sqrt{1040} = 32.25$$

(1)(4)

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

یونٹ 9

Elmas Ali

ٹیسٹ سکور کی رپورٹ دینا
(Reporting Test Score)

سوال 1: ٹیسٹ سکورز اور رپورٹ کی کارکردگی کے کام پر نوٹ لکھیں۔

Q1. Write a note on functions of test scores and Progress Report.

یا رپورٹنگ کی ضروریات تحریر کریں۔

Write Pre-requiring for reporting.

یا والدین اور طلباء کے لیے رپورٹ کی اہمیت بیان کریں۔

Describe the importance of reports to the pupils and parents.

یا مارکنگ اور رپورٹنگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز دیں۔

Give suggestions for improving marking and reporting.

جواب: ٹیسٹ سکورز اور رپورٹ کی کارکردگی کا کام:

(Function for Test Scores and Progress Report)

تعریف (Definition):

ایجوکیشنل رپورٹنگ کے ذریعے تعلیمی کامیابیوں کا ابلاغ کیا جاتا ہے۔ کامیابیوں کو کب، کیسے، کیوں اور کس کی کامیابیوں کے زمرے میں رپورٹ کیا جائے۔ ان سوالات کے جوابات اس صورت میں ممکن ہیں۔ جب معلم اپنی ذمہ داری کو تین طریقوں سے سمجھتا ہو۔

(i) کامیابیوں کو مکمل اور جامع طریقے سے رپورٹ کیا جائے۔

(ii) اس بات کی یقین دہانی کرائی جائے کہ کامیابیوں کی بھرپور انداز میں تشریح کی جائے۔

(iii) ہر فرد کے حق راز کا احترام کیا جائے۔

معلم کو رپورٹنگ کی ابتدائی ضروریات کے متعلق آگہی دی جانی چاہیے تاکہ وہ اپنی ان ذمہ داریوں کو پورا کر سکے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

☆ رپورٹنگ کی ضروریات (Pre-requiring for Reporting):

مندرجہ ذیل ضروریات کو مدنظر رکھنا انتہائی اہم ہے تا کہ رپورٹنگ کا عمل بہتر ثابت ہو سکے۔

رپورٹنگ کرنے کے لیے بنیادی اور اہم ترین ضرورت یہ ہے کہ رپورٹ کرنے کے لیے معلومات موجود ہو۔

1- رپورٹ کرنے کے لیے معلومات کے حصول کے علاوہ معلم کو حاصل شدہ معلومات کو مختلف درجوں میں تقسیم کرنا چاہیے اس طرح یہ کام آسان فہم ہو جاتا ہے۔

2- تمام مضامین یا کورس کو الگ الگ رپورٹ کیا جائے۔

3- حاضری، معاشرتی رویے اور تعلمی خصوصیات کو ملانا نہیں چاہیے۔

4- مؤثر رپورٹنگ کی دوسری اہم ضرورت معلم کی مشاہداتی خصوصیات اور ریکارڈ کیے گئے سکورز کی آگہی حاصل کرنا ہے۔

5- کورس کی خصوصیات یا نیچر رپورٹنگ کو قابل اعتماد بنانے پر اثر انداز ہو سکتی ہے مثلاً مہارت کے مضامین وغیرہ میں باسکٹ بال زیادہ اہم ہے۔

6- رپورٹنگ کی مارکنگ کرنے کا علم ہونا مؤثر ایجوکیشنل رپورٹنگ کی اہم ضرورت سروے اور انتظامیہ سے رابطہ کرے۔ سکول سسٹم کی پالیسی معاملات والدین اور متعلم کی آموزشی صلاحیتوں سے آگہی حاصل کرنے کے بعد معلم رپورٹ کا موزوں انداز منتخب کرے۔

7- رپورٹنگ سے پہلے ایک سروے کرایا جائے جس سے پتہ چلے کہ متعلم اور والدین کس چیز کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

8- مؤثر رپورٹنگ کے لیے معلم کو معلومات پر اعداد و شمار کی خصوصیات سے واقفیت ہو اور اسے ہر ہنر کا علم ہو وہ اپنی بہترین صلاحیتوں اور اہلیتوں کو بروئے کار لا کر ان کی مارکنگ کرے۔

☆ والدین اور متعلمین کے لیے رپورٹ: (Reports to the Pupils and Parents):

والدین اور متعلمین کو رپورٹ دینے کا اہم مقصد ہوتا ہے کہ متعلمین کو تعلیمی پیش رفت سے آگاہ کیا جائے تا ہم رپورٹس کو:

1- سکول پروگرام کے اغراض و مقاصد واضح طور پر اجاگر کرنا چاہیں۔

2- متعلم کی پڑھائی میں کمزوریوں اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنا چاہیے۔

3- متعلم کو ذاتی سماجی ڈویلپمنٹ کو ترقی دینے میں معاونت کرنی چاہیے۔

4- متعلم کی پڑھائی میں حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

متعلم کی آموزش کے نقطہ نظر سے سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ متعلم کے کام اور پڑھائی کا روزمرہ بنیادوں پر جائزہ لیا جائے اور دوران تدریس متعلم سے فیڈ بیک حاصل کیے جائیں۔ اس طرح سے متعلم کی کارکردگی کی جزوقتی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
042-37245454 aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

رپورٹ بھی تیار کی جائے۔ متعلمین کے لیے یہ بات پیچیدہ ہوتی ہے کہ وہ ٹیسٹ سکور کو باہمی طور پر مربوط کرے تاہم سکول کی جزوقتی رپورٹ اس مشکل کو حل کر دیتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ متعلم کو ایک ایسی واضح تصویر دکھاتی ہے۔ جس کو دیکھ کر وہ سمجھتا ہے کہ وہ پڑھائی میں اچھا جا رہا ہے یا نہیں۔

والدین کو بھجوائی جانے والی رپورٹیں سکول کے اغراض و مقاصد اور سکول میں ان کے بچے کی کارکردگی کی عکاس ہوتی ہیں۔ یہ رپورٹ متعدد حوالوں سے اہم ہے۔

i) سکول کیا کرنا چاہتا ہے؟ سکول والدین کو بچے کی بہتر نشوونما کے لیے سکول سے تعاون کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

ii) سکول میں بچے کو کامیابیوں، ناکامیوں، مسائل اور تجربات سے آگاہ کرنا، اس طرح سے والدین بچے کو جذباتی معاونت مہیا کر کے اس کا حوصلہ بڑھا سکتے ہیں۔

iii) جزوقتی مختصر رپورٹیں والدین کو وہ بنیاد فراہم کرتی ہیں جس کی معاونت سے والدین اپنے بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کے لیے اسے استعمال کر سکتے ہیں۔

☆ معلمین اور کونسلرز کے لیے رپورٹوں کا استعمال:

(Uses of Reports by Teachers and Counsellors):

نمبرات اور کارکردگی رپورٹس متعلمین کے بارے میں معلومات فراہم کر کے سکول کی تدریس اور رہنمائی کے پروگرام میں معاونت فراہم کر سکتی ہیں۔ رپورٹس ٹیسٹ سکورز اور دیگر جائزہ اعداد و شمار کا ریکارڈ رکھنے میں بھی معاونت کرتی ہیں۔ اگر متعلم کے ماضی کا ریکارڈ معلوم ہو تو متعلم کی موجودہ کمزوریوں اور مضبوط گوشوں کے بارے میں آگہی حاصل کر سکتے ہیں اور آسانی سے یہ پیش گوئی کی جا سکتی ہے کہ متعلم کی کامیابی کس حد تک ہو سکتی ہے۔ کارکردگی رپورٹس میں دی گئی معلومات اساتذہ بھی استعمال کر سکتے ہیں اور طلبہ کو درپیش ذاتی اور معاشرتی مسائل کے حل میں استعمال کی جا سکتی ہیں۔ کونسلرز یہ رپورٹیں استعمال کرتے ہیں اور متعلم کو ذاتی سمجھ بوجھ کی نشوونما کرنے اور مابعد تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں معاونت کر سکتے ہیں۔

Eimas Ali

☆ منتظمین کے لیے رپورٹ کا استعمال:

(Use of Reports by Administrator):

مارکس اور کارکردگی رپورٹس بہت سے انتظامی امور میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ یہ رپورٹس متعلم کی اگلی کلاس میں ترقی، انعامات، کھیلوں کی اہلیت اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں کی نشاندہی کرنے میں بھی مدد دیتی ہیں۔ اکثر انتظامی امور میں ایک حرفی (Single Letter) گریڈ زیادہ مؤثر اور بامعانی ثابت ہوتا ہے کیونکہ اب کلرک زیادہ کام مشینوں سے کرتے ہیں لہٰذا آنے والے کل میں یہ سہولیات زیادہ مددگار ثابت ہوں گی۔

☆ مارکنگ اور رپورٹنگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز:

(Suggestions for Improving Marking & Reporting):

مارکنگ اور رپورٹنگ کے معیار کو مؤثر بنانے کے لیے تجاویز درج ذیل ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سسٹم نہایت احتیاط کے ساتھ پلان کرنا چاہیے اور اس کے لیے طے شدہ اغراض و مقاصد کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

1- متعلمین، والدین، اساتذہ اور منتظمین تکنیکی ماہرین کی معاونت سے رپورٹنگ سسٹم اور فارمز کی تیاری کریں۔

2- بالواسطہ طلبہ، اساتذہ رپورٹنگ اور براہِ راست ابلاغ مستقل جاری رہنے والا عمل ہوتا ہے۔ استاد اور طالب علم کی ملاقاتیں رپورٹوں کی تیاری میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

3- والدین اور معلمین کی ملاقات بھی نہایت مؤثر ہوتی ہے۔ اس ملاقات کے لیے موزوں ترین وقت پڑھائی کے دوران ہونے والا وقفہ ہے۔

4- رپورٹنگ سسٹم میں رویے، رجحانات، کام کرنے کی عادت اور حاضری کے حوالے سے فیڈ بیک بھی شامل کی جائے۔

5- اعلیٰ سیکنڈری لیول پر مارکس اور والدین کانفرنس بھی متعلم کی کارکردگی کو زیادہ کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔

6- فیل مارکس کو بہت مشکل سے ثابت کیا جاتا ہے۔ خصوصاً پرائمری اور سیکنڈری سکول کی سطح پر فیل مارکس پرائمری اور

7- مڈل سکول کی سطح پر کبھی کبھار ہی دیے جاتے ہیں۔

سوال2: ٹیسٹ کی منصوبہ بندی اور تنظیم/انعقاد پر نوٹ لکھیں۔

Q7: Write a note on planning and administration of test.

جواب: 1- ٹیسٹ کی پلاننگ (Planning the Test)

ٹیسٹ کی پلاننگ کا سب سے اہم مرحلہ یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آپ کیوں ٹیسٹ لینا چاہتے ہیں؟ یعنی ٹیسٹ کے مقاصد کیا ہیں؟ کیا آپ متعلمین کو ٹیسٹ سکورز کی بنیاد پر ترتیب دینا چاہتے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو آپ مؤثر ترین طلبہ کو زیادہ اور کمزور متعلمین کو کم سکور دیتے ہوئے موازنہ کر سکتے ہیں۔ نیز ایسا کرتے ہوئے آپ وہ مشکل سوال بھی ٹیسٹ میں شامل کریں گے جن کے بارے میں آپ کو اُمید ہے کہ لائق اور ذہین متعلمین انہیں حل کر لیں گے۔ یا پھر آپ ٹیسٹ کے ذریعے دیکھنا چاہتے ہیں کہ کتنے متعلمین نے مہارت حاصل کر لی ہے؟ اگر ایسا ہے تو آپ کو سکورز کی تقسیم (Distribution) کی ضرورت نہیں اور نہ ہی مشکل ترین سوالات شامل کرنا پڑیں گے۔ تاہم آپ کو یہ فیصلہ ضرور کرنا پڑے گا کہ کتنے صحیح سوال ہوں تو آپ انہیں سبق پر مکمل عبور آشکار کریں گے۔

Elmas Ali

2- ٹیسٹ کی پلاننگ کے اہم اقدامات:

کلاس روم کے معلم کو اس سلسلے میں 6 قسم کے فیصلے کرنا پڑتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

i- ٹیسٹ کے مختلف اہداف کیا ہیں؟

ii- مختلف اہداف میں سے کن کو زیادہ اہمیت اور وزن دینا ہے؟

iii- تخمین کی کون سی قسم استعمال کرنی ہے؟ یا کس قسم کے سوالات ٹیسٹ میں شامل کرنا ہیں؟

iv- ٹیسٹ کے لیے کتنا وقت مقرر کیا جائے گا؟

v- متعلمین کو یہ جاننا چاہیے کہ ہر قسم کے سوالات کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں؟

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

vi- ٹیسٹ ٹیکسٹ بک پبلشر کا ہوگا یا آپ خود تیار کریں گے؟

ان بنیادی فیصلوں کے بعد دیگر کی نوبت آتی ہے۔ جیسا کہ ٹیسٹ میں جوابات کے لیے الگ سے شیٹ استعمال کرنی ہے یا سوالنامے پر ہی جواب حاصل کرنے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

استاد ہونے کی حیثیت سے آپ کو چاہیے کہ پہلے فیصلے کریں کہ تشخیص و جائزہ (Assessment) کس چیز کا لینا ہے، یہاں پر "Assess" کی اصطلاح اس لئے استعمال کی جارہی ہے کیونکہ رسمی طور پر اس سے کاغذ اور پنسل کے ذریعے لیا جانے والا ٹیسٹ یعنی تحریری ٹیسٹ سے مراد لیا جاتا ہے۔ کمرہ جماعت کے تشخیص و جائزے میں زیادہ توجہ اس مواد اور اسباق پر دی جاتی ہے جو کہ کلاس کو پڑھائے گئے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ہم نے ملازمت سے قبل معلمین کی تربیت کے لیے ٹیسٹ تیار کرنا ہے تو ہمارے پیش نظر مندرجہ ذیل اہداف ہوں گے۔

i- متعلمین کو پتہ چلے کہ اہم انتخابی قسم کے سوالوں میں بہترین اور ناقص کا فرق کر سکیں۔

ii- متعلمین اس قابل ہو جائیں کہ انتخابی قسم کے سوالوں میں بہترین اور ناقص کا فرق کر سکیں۔

iii- متعلمین کمرہ جماعت میں بتائے گئے رہنماء اصول وضوابط کی معاونت سے موزوں ترین انتخابی قسم کے سوالات تیار کر سکیں۔

بنیادی فیصلوں کے بعد ہم آگے بڑھیں گے اور فیصلہ کریں گے کہ کسی مقصد پر زیادہ توجہ دینا مطلوب ہے۔ اس سلسلے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کلاس روم میں ہم نے کس مقصد کو زیادہ وقت دیا ہے۔ نیز ہم متعلمین کو دی گئی اسائنمنٹس کی تعداد اور ان کے نمبرز کا بھی تجزیہ کر سکتے ہیں، فرض کریں کہ 20 فیصد اسائنمنٹ ایسی تھیں جو کہ فوائد نقصانات کے علم پر تھیں جبکہ 40 فیصد اسائنمنٹ مؤثر ترین اور ناقص سوالات میں تفریق سے متعلق تھیں جبکہ باقی ماندہ 40 فیصد اسائنمنٹ اچھے سوالات تحریر کرنے کے متعلق تھیں۔ ان معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے تفصیلات کا ٹیبل تیار کیا جاسکتا ہے جسے ٹیسٹ پلان (Test Plan) یا ٹیسٹ بلیو پرنٹ (Test Blueprint) بھی کہتے ہیں۔

اہداف/نفس مضمون/عنوانات	علم	فہم	اطلاق	آئٹم نمبر/ٹیسٹ کی فیصد
1- اہم انتخابی قسم کے سوالات کے فوائد اور نقصانات کا علم				20%
مؤثر اور ناقص انتخابی قسم کے سوالات میں فرق کی اہلیت				40%
مناسب ترین انتخابی قسم کے سوالات تحریر کرنے کی اہلیت				40%

تفصیلات کے ٹیبل سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ٹیسٹ میں کن عنوانات پر زیادہ زور دینا ہے۔ اس کے بعد فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ ٹیسٹ کو حل کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا، عام طور پر درست/غلط کا فیصلہ کرنے والے 20 سوالات حل کرنے کے متعلمین کو 5 سے 10 منٹ لگتے ہیں۔ یعنی ہر سوال پر 15 سے 30 سیکنڈ لگتے ہیں۔ جبکہ 5 سے ساڑھے 7 منٹ تک کا وقت پانچ کمپری ہینشن سوالوں (Comprehension Questions) کو حل کرنے میں لگتا ہے۔ یعنی 60 سے 90 سیکنڈ ہر سوال پر صرف ہوتے ہیں۔ جبکہ 20 سے 30 منٹ سبق کو پڑھنے اور چار سوالات تحریر کرنے میں لگتے ہیں۔ اگر آپ مڈل یا ہائی سکول کے معلم ہیں تو جواب کے لیے درکار وقت کا اندازہ لگانا انتہائی اہم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ذریعے متعلمین کا بھی خیال رکھنا پڑتا ہے تاکہ وہ بھی ٹیسٹ مکمل کر لیں۔ اسے دوسرا لفظوں میں "ٹیسٹ میں مکمل کرنا ہوتا ہے۔"

کلاس روم کے ٹیسٹ کی پلاننگ کے حوالے سے ایک اہم اور ضروری بات ٹیسٹ کا معیاری ٹیسٹ کے مطابق ہونا ہے۔ اس میں دیکھا جاتا ہے کہ معیاری ٹیسٹ کیسے تشکیل دیا جائے؟ ان ٹیسٹوں میں کن ابواب کی پیمائش کی گئی؟ اور پیمائش کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا گیا؟ اس مواد کے بعد آخری مرحلہ ٹیسٹ کے سوالات تحریر کرنے کا آتا ہے۔

3- موزونیت (Accommodation):

بعض متعلمین کو بہت سے مسائل کا سامنا ہوتا ہے اس لئے ان متعلمین کے حوالے سے مطابقت اختیار کرنے کی خاص ضرورت پڑتی ہے۔ مثلاً بعض متعلمین میں دشواری ہوتی ہے ایسے میں ان کے لئے تحریری ہدایت کا اہتمام کیا جانا چاہیے۔ ہر جملہ نئی لائن سے شروع کیا جائے تاکہ متعلمین کو معلوم ہو سکے کہ وہ الگ جملہ ہے۔ اسی طرح ٹیسٹ کے سوالات کے لیے بڑے پرنٹ کا استعمال اور ریکارڈنگ کی سہولت کی فراہمی جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔

4- ٹیسٹ کی تشکیل اور اسے جمع کرنا:
(Constructing and Assembling the Test):

i- اپنے ٹیسٹ خود تیار کرنے سے پہلے آپ کو چاہیے کہ اپنی تفصیلات کے جدول کا پبلشر کے مہیا کردہ ٹیسٹ آئٹمز اور دیگر ذرائع کے ساتھ موازنہ کریں۔

ii- آئٹمز کی سادہ قسم سے شروعات کریں، اس کے بعد پیچیدہ آئٹمز کی طرف بڑھیں، یعنی آسان سے مشکل اور قبلی سے تجریدی کی جانب پیش قدمی کی جائے۔ چونکہ ٹیسٹ کا مقصد یہ جاننا ہے کہ متعلمین کو کتنا علم حاصل ہوا ہے اس لئے اگر ٹیسٹ میں پیچیدہ سوالات پہلے پیش کر دیئے جائیں تو وہ زیادہ وقت اسی پر صرف کریں گے، جبکہ آسان سوالوں کا جواب دینے کے لیے وقت نہیں بچے گا۔ متعلمین کی درست تشخیص نہیں ہو پائے گی۔

iii- ایک ہی قسم کے سوالات کو ایک ساتھ لکھا جائے تاکہ ان کے متعلق ہدایت ایک ہی مرتبہ دینا پڑے۔

iv- پھر دیکھیں کہ کیا ہر سوال کے سکور کے حوالے سے ضروری ہدایت درج ہے یا نہیں۔

v- جوابات لکھنے کے حوالے سے مکمل رہنمائی کی جائے، تاکہ خراب لکھائی کی وجہ سے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

vi- ایک آئٹم کے تمام حصے ہی صفحے پر ہونے چاہئیں۔

vii- اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر سوال کی آزاد حیثیت ہو، یعنی کوئی سوال ایسا نہ ہو، جس میں کسی دوسرے سوال کا جواب پوشیدہ ہو۔

viii- اگر مختصر جوابات سوالنامے پر ہی درج کرنا مطلوب ہے تو جواب تحریر کرنے کے لیے موزوں جگہ چھوڑی جائے۔

ix- فیصلہ کیا جائے کہ طلبہ کے لیے جوابی شیٹ الگ سے فراہم کی جائے یا نہیں، عام طور پر پرائمری اور ابتدائی گریڈز میں الگ سے شیٹ دینے کی تجویز نہیں دی جاتی۔

x- سوالنامے یا جوابی شیٹ پر متعلمین کا نام، رول نمبر اور تاریخ لکھنے کی جگہ ضرور چھوڑی جائے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-xi کثیر الانتخابی سوالات میں درست جوابات کی ترتیب ہر سوال کے حوالے سے مختلف ہونی چاہیے۔

-xii بلیک یا وائٹ بورڈ پر لکھے سوالات متعلمین کو پڑھنے میں مشکل محسوس ہوتے ہیں اس لئے ہر متعلم کے لیے سوالنامے کی الگ سے کاپی تیار کر کے فراہم کی جانی چاہیے۔

-xiii انفرادی طور پر طلبہ کے لیے اگر اضافی اقدامات کی ضرورت پڑے تو ان کا انتظام کیا جانا چاہیے۔

5- ٹیسٹ کی تنظیم یا انعقاد (Test Administration)

ٹیسٹ کی تنظیم/انعقاد کا طلبہ کی کارکردگی پر بہت زیادہ اثر پڑتا ہے۔ ٹیسٹ کے انعقاد سے مراد محض طلبہ میں ٹیسٹ تقسیم کرنا اور اسے واپس لینا نہیں بلکہ اس کے لیے مندرجہ ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔

(i) قبل از ٹیسٹ (Before the Test):

-i پریشانی پھیلانے سے پرہیز کریں۔

-ii ٹیسٹ تقسیم کرنے سے قبل زبانی طور پر طلبہ کو تمام ضروری ہدایت دی جائیں۔

-iii متعلمین ٹیسٹ کے مقصد سے آگاہ کریں۔

-iv متعلمین کو بتایا جائے کہ ٹیسٹ مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت مختص کیا گیا ہے۔

-v متعلمین کو بتایا جائے کہ اگر وہ کوئی سوال کرنا چاہیں تو اس کا کس طرح اشارہ کریں گے۔

-vi متعلمین کو بتایا جائے کہ ٹیسٹ مکمل کرنے کے بعد وہ پرچے کیا کریں گے؟ (یعنی ٹیسٹ کہاں جمع کرایا جائے گا؟)

-vii سوالات تقسیم کرنے کا طریقہ کار تبدیل کرتے رہا کریں یعنی ہمیشہ سوالنامے ایک ہی ترتیب سے تقسیم نہ کیے جائیں۔

-viii اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ کیا کمرہ مکمل روشن اور ہوادار ہے؟

-ix اگر کوئی متعلم غیر حاضر ہے تو اس کا نام یاد دہانی کے لیے نوٹ کیا جائے۔

(ii) پرچے تقسیم کرنے کے بعد (After Distributing Test Papers):

-i متعلمین کو یاد دلایا جائے کہ سب سے پہلے وہ اپنے پرچے پر اپنا نام لکھیں۔

-ii اگر ٹیسٹ ایک سے زیادہ اوراق پر مبنی ہے تو متعلمین کو کہا جائے کہ وہ پہلے چیک کر لیں کہ ان کے پاس تمام اوراق مکمل ہیں؟

(iii) دوران ٹیسٹ (During Test):

Elmas Ali

-i مداخلت سے حتی الامکان اجتناب کیا جائے۔

-ii جواب کی نشاندہی کرنے سے پرہیز کیا جائے۔

-iii متعلمین کی پیش رفت کا تجزیہ اور نقل کرنے کی حوصلہ شکنی کی جائے۔

-iv اگر متعلمین کی رفتار سست ہے تو انہیں وقت کی کمی کے بارے میں انتباہ کیا جائے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کسی آئٹم کے متعلق اٹھنے والے سوالات کو نوٹ کرلیا جائے تاکہ آئندہ ٹیسٹ تیار کرتے ہوئے اس کا خیال رکھا جائے۔

(After the Test) ٹیسٹ کے بعد:

(iv) پرچوں کو گریڈ دیئے جائیں اور اس میں اپنا تبصرہ بھی شامل کریں۔

i. اگر آپ کے گریڈ ریکارڈ بھی کرنے ہیں تو حل شدہ جوابی کاپی متعلمین کو واپس کرنے سے قبل ریکارڈ بک میں گریڈز

ii. کا علاج کیا جائے۔ متعلمین کو واپس کی جائیں۔

حل شدہ جوابی کاپیاں

iii. اس کے بعد ٹیسٹ کے آئٹمز کو طلبہ کے ساتھ زیر بحث لائیں، اگر متعلمین کو کوئی اعتراض ہو یا ان کے ذہن میں کوئی

iv. ابہام پایا جاتا ہے تو اسے دور کرنے کی کوشش کریں، ضرورت پڑنے پر گریڈز میں ردوبدل بھی کیا جاسکتا ہے۔

ٹیسٹ متعلمین کے کام کے بہترین نمونے اور پورے تعلیمی سال کے تشخیصی ریکارڈ وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

ایک مؤثر پورٹ فولیو متعلمین کے کام پر مبنی محض ایک فائل نہیں ہوتی، بلکہ اس میں متعلمین کے کام کو ایک خاص

مقصد کے لیے اکٹھا کیا جاتا ہے، ان کاموں پر متعلمین اور اساتذہ کے تبصرے اور ریمارکس بھی درج ہوتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ رپورٹ فولیو سیکھنے کی شخصیت کا انتہائی اہم اور مفید ذریعہ ہے تاہم اس میں بھی کئی

خامیاں پائی جاتی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

i. اس پر کافی وقت لگتا ہے۔

ii. پورٹ فولیو تیار کرنے کے لیے خاص مہارت درکار ہے جس سے کئی متعلمین محروم ہوتے ہیں۔

iii. یہ صرف چھوٹی جماعت کے لیے فائدہ مند ہے لیکن پاکستان میں ایلیمنٹری سطح پر چھوٹی جماعتیں نہیں ہوتیں، اس لئے

iv. اساتذہ کے لیے بڑی تعداد میں متعلمین کا پورٹ فولیو تیار کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

سوال3: مارکنگ اور رپورٹنگ سسٹم کی اقسام بیان کریں۔

Q2. Describe the types of marking and reporting system.

جواب: مارکنگ اور رپورٹنگ کا بہترین نظام (Marking & Reporting System):

یہ سسٹم ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جو استعمال کرنے والے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان معلومات کو آسانی سے

سمجھ میں آنے والی بنایا جائے لیکن اکثر رپورٹنگ نظام اسی کمزوری کا شکار ہوتے ہیں۔ بعض مواقع پر استعمال ہونے کے

لیے یہ رپورٹیں مفصل ہونا ضروری ہیں جبکہ دوسری صورت میں انہیں ایک حرفی مارک کی صورت میں بتانا بھی کافی ہے۔ ان

رپورٹوں کو سمجھنے کے لیے اور جانچنے کے لیے تعلیم بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔

☆ روایتی مارکنگ کا سسٹم (Traditional Marking System):

روایتی طریقہ جو کہ آج بھی زیر استعمال ہے اس میں ایک لفظ کے ذریعے سے متعلم کی کارکردگی بتائی جاتی

ہے۔ مثال کے طور پر (اے بی سی ڈی ای ایف وغیرہ) اکثر اوقات ایک نمبر استعمال کیا جاتا ہے مثلاً (54321 وغیرہ)

ان نشانات کو متعلم کی کسی بھی مضمون میں کارکردگی کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ سسٹم نہایت مختصر اور مؤثر

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ہے۔مگر اس کے چند مسائل بھی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

1۔ یہ نشانات بعض اوقات غیر واضح ہوتے ہیں۔ان کے ذریعے کامیابی، کوشش اور اچھے نمبروں کو عیاں نہیں کیا جا سکتا۔

2۔ اگر کسی کارکردگی کو صرف ایک حرف میں بیان کر دیا جائے گا تو اس کے ذریعے سے مختلف مقاصد کے حصول کی نشاندہی نہیں ہو سکے گی۔

3۔ اپنے روایتی استعمال کے حوالے سے حرفی اور گریڈ کی صورت میں پوری توجہ مارکس پر ہوتی ہے جس کی وجہ سے ان کی اہمیت ختم ہو جاتی ہے۔اکثر طلبہ اور والدین سمجھتے ہیں کہ اہداف حاصل ہو چکے ہیں لیکن ایسا نہیں ہوتا کیونکہ یہ سارا مارکنگ سسٹم کا نقص نہیں ہوتا ایک حرف کے ذریعے سے جو انفارمیشن دی جاتی ہے۔اس کے ذریعے سے بات پوری طرح دوسروں تک نہیں پہنچتی۔

☆ پاس فیل سسٹم (Pass Fail System):

متعدد برسوں سے ایلیمنٹری سکولز میں دو قسم کا مارکنگ سسٹم جاری تھا۔ان میں اطمینان بخش، غیر اطمینان بخش اور پاس فیل نظام شامل ہے۔اس روایتی طریقے کو مختلف گریڈز یا حروف کے ذریعے بہتر اور مؤثر بنایا گیا۔جس میں اے بی سی ڈی ای ایف شامل ہیں۔بعض کورسز میں [illegible] کو کورسز میں سے منتخب کرنے کا حق دیا جاتا ہے کیونکہ پاس فیل سسٹم میں گریڈز پوائنٹ کو شامل نہیں کیا جاتا لہٰذا متعلم نئے مضامین پڑھنے کی جانب راغب نہیں ہوتا۔

ان دونوں نظاموں میں سے پاس فیل نظام میں کم معلومات ہوتی ہے جبکہ اے بی سی ڈی ای ایف نظام کچھ بہتر ہوتا ہے۔مزید یہ کہ اس نظام کے باعث متعلم اپنی پڑھائی پر کم توجہ مرکوز کرتا ہے۔

Elmas Ali

☆ کثیر الجہتی اینڈ رپورٹنگ سسٹم:

(Multiple Marking and Reporting System):

گذشتہ پچاس سالوں سے سکول روایتی گریڈز (اے بی سی ڈی ای ایف) کو متعلمین کی کارکردگی کے لیے رپورٹوں میں شامل کر رہے ہیں۔ان کے لگاتار استعمال سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سکول میں مفید کام کر رہے ہیں۔مزید یہ کہ مستقل سکول ریکارڈ کو بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔اس نظام کو تبدیل کرنے کے لیے متعدد سکولوں نے کثیر الجہتی سسٹم متعارف کرایا ہے۔

سوال 4: CGPA کیسے نکالی جاتی ہے؟ نیز حرفی گریڈ دینے کا طریقہ لکھیں۔

Q3. How collecting CGPA? Also write down the method of assigning letter grades.

یا

طلباء کی درجہ بندی کے مقاصد پر بحث کریں۔(خزاں 2016ء)

Discuss the purposes of grading students.

imp

جواب: CGPA سے مراد Communicative Grade Point Average ہے۔یہ متعلم کے مختلف کورسز یا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

مضامین میں حاصل شدہ گریڈز کو مجموعی طور پر ظاہر کرتا ہے۔ CGPA نکالنے کے لیے درج ذیل معلومات کا ہونا ضروری ہے۔

1- ہر مضمون یا کورس کے نمبر۔
2- ہر مضمون میں گریڈز کی اوسط۔
3- مکمل کریڈٹ آورز (hours)

CGPA نکالنا انتہائی آسان ہے۔ گریڈز پوائنٹس کی اوسط کو ٹوٹل کریڈٹ آورز پر تقسیم کیا جاتا ہے مثلاً بی ایڈ کے ایک متعلم نے کل 12 کورسز پڑھے ان میں سے ہر کورس 3 کریڈٹ آورز کا تھا۔ اس طرح کل 36 کریڈٹ آورز بنے۔ مکمل 12 کورسز کے GPA کی اوسط CGPA ہوگا۔

فارمولا (CGPA):

$$CGPA = \frac{\text{ٹوٹل GPA}}{\text{ٹوٹل کورسز}}$$

چند سوالات جو سامنے آتے ہیں۔

1- حرفی گریڈز میں کیا شامل کیا جائے؟
2- دستیاب اعداد و شمار کو کس طرح اکٹھا کیا جائے؟
3- گریڈز کے تعین میں کون سا حوالہ جاتی ریفرنس استعمال کیا جائے؟
4- حرفی گریڈز کا تعین کرنے کے لیے کون سا طریقہ اپنایا جائے؟

Elmas Ali

1۔ حرفی گریڈز میں کیا شامل کیا جائے:

(Determining What to Include in a Grade):

متعلم کی کارکردگی کا وضاحت کرنے کے لیے حرفی گریڈز انتہائی بامعانی اور کارآمد نہیں اور اگر اس میں متعلم کی کوشش، کام کرنے کا معیار، ذاتی رویہ وغیرہ کی وضاحت کرنا مقصود ہو تو اس صورت میں یہ کارآمد نہیں ہوگا۔ اگر حرفی گریڈز کامیابی کی حقیقی معنوں میں نمائندگی کرتے ہیں تو انہیں حقیقی کامیابی کی پیمائش کرنے والا ہونا چاہیے۔

2۔ اعداد و شمار جمع کر کے گریڈز کا تعین:

(Combining Data in Assigning Grades):

جب کامیابی کے پہلوؤں (ٹیسٹ تحریری، رپورٹس، پرفارمنس کی سطح) کو حرفی گریڈز میں شامل کیا جاتا ہے اور ہر پہلو پر توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کر لیا جاتا ہے تو اگلا قدم مختلف عناصر کو باہم جمع کرنا ہے تاکہ ہر پہلو پر مکمل توجہ مرکوز کی جا سکے۔ اگر ہم نے یہ فیصلہ کر لیا کہ آخری امتحان میں 40% مڈٹرم میں 30% لیبارٹری پرفارمنس میں 20% اور تحریری رپورٹ میں 10% کو ہمیں چاہیے کہ ہمارے گریڈز کے تعین میں ان پر زور دیا جائے۔ روایتی طریقہ یہ ہے کہ عناصر کو جمع کر کے ایک شکل بنا دی جاتی ہے جس سے ہر عنصر پر انفرادی توجہ دی جاتی ہے اور اس کے بعد مکمل حاصل والی شکل کی بنیاد پر

AIOU LIBRARY Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

گریڈ کا تعین کیا جاتا ہے۔

پہلی توجہ میں اعداد و شمار کو ایک مکمل شکل میں ڈھالنے کا کام نہایت سادہ اور آسان نظر آتا ہے لیکن ایسا ہوتا نہیں ہے۔ مثال کے طور پر ہم فائنل امتحان کے سکور کو اکٹھا کرنا چاہتے ہیں اور اسے ٹرم رپورٹ میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں ان پر انفرادی توجہ دینا ہوگی۔

Elmas Ali

رینج آف کورس

فائنل امتحان 80 تا 100

ٹرم رپورٹ 10 تا 5

کیونکہ سکورز کے دونوں سیٹوں کو برابر توجہ دی گئی ہے تاہم ہم ان میں فائنل امتحان کے سکور کو شامل کر سکتے ہیں اور ہر متعلم کی ٹرم رپورٹ سکور کو بھی اس میں شامل کر سکتے ہیں۔

اس سے بھی بہتر نظام دریافت کیا جا سکتا ہے۔ جس کے لیے سٹینڈرڈ ڈیوی ایشن کا طریقہ استعمال کرنا پڑے گا۔ جسے ہم تغیر پزیری کی پیائش کے لیے استعمال کر سکتے ہیں لیکن یہ کلاس روم مقاصد کے لیے تسلی بخش رینج ہے۔ مکمل اسکور کے حصوں کی مکمل پیائش کی جا سکتی ہے لیکن ان کے لیے تمام سکورز کے سیٹوں کو (Stanines) میں بدلنا پڑے گا جب تمام سکور کو سینٹی سسٹم میں تبدیل کر لیا جائے گا تو ہر ٹیسٹ کے سکور میں یکساں تغیر پزیر ہوگی۔ اس کے بعد انہیں سادہ ملٹی پلائی سسٹم کے ذریعے سے ہر سٹینی سکور کا مطلوبہ وزن معلوم کیا جا سکتا ہے۔

	مطلوبہ وزن	متعلم کی سٹینی	سکور
امتحان	2	9	18
لیبارٹری ورک	1	7	7
تحریری رپورٹس	1	8	8

3۔ مناسب حوالہ جاتی ریفرنس کا انتخاب:

(Selecting the Proper Frame of Reference for Guidance):

حرفی گریڈز روایتی انداز میں مندرجہ ذیل فریم ورک آف ریفرنس کو استعمال کر کے دیے جا سکتے ہیں۔

1۔ دوسرے گروپ ارکان کے ساتھ کارکردگی (رواجی حوالہ جاتی)۔

2۔ پہلے سے متعین سٹینڈرڈ کے ساتھ کارکردگی (معیاری حوالہ جاتی)۔

3۔ لرننگ پوٹینشل یا بہتری کی مقدار کے حوالے سے کارکردگی۔

رواجی حوالہ جاتی گریڈز کے تعین میں متعلمین کی پرفارمنس کا ریفرنس گریڈ خصوصی طور پر کلاس کے دیگر ساتھیوں کے ساتھ تقابلی جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس سسٹم میں متعلم کی پورے گروپ میں کارکردگی کو مدنظر رکھ کر گریڈ کا تعین کیا جاتا ہے کیونکہ گریڈنگ مشترکہ کارکردگی کی بنا پر ہوگی لہٰذا گریڈ کے تعین میں متعلم کی کارکردگی اور پورے گروپ کی کارکردگی اپنا اثر چھوڑے گی اس طرح سے وہ متعلم جس کی انفرادی کارکردگی اچھی نہیں لیکن گروپ کارکردگی اچھی ہے۔ وہ اچھا گریڈ حاصل

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کر لے گا جبکہ اکثر اوقات معاملہ اس کے برعکس بھی ہو سکتا ہے۔

معیاری حوالہ جاتی بنیادوں پر دیے جانے والے گریڈز میں متعلم کی کارکردگی کو استاد کی طرف سے پہلے سے طے شدہ معیار کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔

پر فارم کیا گیا ٹاسک (40 لفظ فی منٹ کی رفتار سے ٹائپ بغیر غلطی) ٹیسٹ میں حاصل شدہ کل نمبروں کی اوسط۔

گریڈنگ کے معیاری حوالہ جاتی نظام میں بہت سی مشکلات میں گریڈنگ کی بنیاد کے لیے کامیابی کے مکمل سٹینڈرڈ کی ضرورت ہوگی اور اس کے لیے مطلوب ہے۔

i) لرننگ ٹاسک کا دائرہ کار واضح طور پر سمجھایا جائے۔
ii) کارکردگی کے معیار کا تعین کیا جائے اور اس کی وجوہات بتائی جائیں۔
iii) متعلم کی کامیابی کی پیمائش معیاری حوالہ جاتی ہو۔

اس صورتحال پر پورا اترنا بہت مشکل ہے۔ سوائے ماسٹری لرننگ کی صورتحال کے عموماً سکول مکمل درست جوابات کے ذریعے سے حاصل شدہ نمبروں کی اوسط نکال کر گریڈ دیتے ہیں۔

(A = 95-100, B = 85-9[illegible] C = 75-84, D = 65-74, F = Below 65)

4۔ حرفی گریڈز کی تقسیم کا تعین

(Determining the Distribution of Grades):

حرفی گریڈز دینے کے دو طریقے ہوتے ہیں اور اس سے متعلم کی کامیابی کی پیمائش کی جاتی ہے۔

i) رواجی حوالہ جاتی نظام
ii) معیاری حوالہ جاتی نظام

Elmas Ali

i) رواجی حوالہ جاتی گریڈنگ (Norm-Refrenced Grading):

غیر رواجی حوالہ جاتی گریڈز گروپ میں متعلم کی اجتماعی کامیابی اور اس کے نتیجے میں دیے جانے والے گریڈز سے بحث کرتا ہے۔ یہ ریننگ واحد کلاس روم گروپ سے متعدد کلاس روم گروپس تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس سے قبل حرفی گریڈز دیے جائیں۔ اے بی سی ڈی اور ایف کا تعین کر لیا جاتا ہے۔ ماضی میں گریڈز دینے کا ایک طریقہ بہت استعمال کیا جاتا رہا ہے جو نارمز کروز (Norm Curves) کہلاتا ہے۔

1۔ اس سسٹم میں گروپ کی کارکردگی سے ہٹ کر ہائی گریڈز کی پروپورشن کم گریڈز پورشن کے برابر ہوگی۔ کلاس روم گروپس کی یہ گریڈنگ عموماً اتنی چھوٹی ہوتی ہے کہ نارمل تقسیم پر پوری نہیں اترتی۔

2۔ جماعت کا جائزہ آلات اس لیے تیار نہیں کیا جاتا کہ نارمل تقسیم ہونے والے سکورز کا جائزہ لیا جائے۔

3۔ متعلمین کی پاپولیشن زیادہ منتخب ہوتی ہے اور یہ گریڈز کے ذریعے سے بہتر کی جا سکتی ہے۔ یہ صرف اس وجہ سے نہیں کہ جب ایک کورس یا مشترکہ کورس انسٹرکٹر اور غیر منتخب طلبہ کے گروپ کے گریڈز کا تعین کرتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 Online Portal 042-37245454 پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تعارفی کورس گریڈز کی تقسیم درج ذیل ہے۔

A = 10 تا 20 فیصد

B = 20 تا 30 فیصد

C = 30 تا 50 فیصد

D = 10 تا 20 فیصد

F = 0 تا 10 فیصد

معلمین کی رہنمائی کے لیے کہ وہ کس طرح گریڈز کو تقسیم کریں جبکہ فیل ہونے والے طلبہ کے لیے گریڈز کو ممکن بنایا جائے چاہے متعلم فیل ہو یا پاس کورس کو طلبہ کی لرننگ کے مطابق ہونا چاہیے۔

ii) معیاری حوالہ جاتی گریڈنگ (Criterion Refrenced Grading):

جب ماسٹر لرننگ اپروچ کو استعمال کیا جائے تو معیاری حوالہ جاتی گریڈنگ بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ ماسٹری لرننگ مکمل بنیادوں پر گریڈنگ کے لیے ضروری صورتحال فراہم کرتا ہے۔ یہ صورتحال لرننگ ٹاسک کا دائرہ کار بہت وسیع کر دیتی ہے اور تدریسی مقاصد کو کارکردگی کے معنوں میں بناتی ہیں۔

اگر ٹیسٹ یا دوسرے جائزے اس طرح ڈیزائن کیے جائیں کہ ان میں فیصدی بنیاد پر حاصل شدہ نمبر معیاری حوالہ جاتی گریڈنگ کا تعین کرتے ہے۔

A = 95 تا 100 فیصد درست

B = 85 تا 94 فیصد درست

C = 75 تا 84 فیصد درست

D = 65 تا 74 فیصد درست

F = 65 فیصد درست سے بھی کم

معیاری حوالہ جاتی گریڈنگ نظام میں گریڈز کی تقسیم پہلے سے طے شدہ نہیں ہوتی۔ اگر تمام طلبہ ہائی لیول آف ماسٹری ظاہر کریں تو تمام بہترین گریڈز حاصل کریں گے۔ اگر چند طلبہ کی کارکردگی کمزور رہی تو وہ کم درجے کے گریڈز حاصل کریں گے۔ گریڈز کی تقسیم کا تعین متعلم کی مجموعی کارکردگی کو دیکھ کر کیا جاتا ہے نہ کہ گروپ میں متعلم کی اجتماعی کارکردگی کی بنیاد پر۔

معروف سائنسدان ایبل (Eble) 1979ء کا کہنا ہے کہ:

"معیاری حوالہ جاتی ٹیسٹنگ (Testing) مارکنگ مسائل کو نظر انداز کرنے میں مدد کرتا ہے کیونکہ یہ تمام متعلمین کی انفرادی حیثیت میں تدریسی کامیابیوں کا احاطہ کرتی ہے۔ ماسٹری لرننگ کے پروگرام صلاحیتوں میں انفرادی فرق، دلچسپیوں اور عزائم میں فرق کو واضح کرتے ہیں۔"

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

☆ مارکس پر اعتراضات (Objective to Marks):

1- مارکس درست نہیں ہوتے اور اساتذہ انہیں شعبوں اور سکولوں کے مابین تقابل کرنے کے قابل نہیں بناتے۔

2- مارکس زیادہ تر غیر متعلقہ اغراض و مقاصد پر زور دیتے ہیں جبکہ اہم تدریسی اغراض و مقاصد کے ساتھ بہت کم تعلق رکھتے ہیں۔

3- مارکس طلبہ والدین اور اساتذہ کے مابین بہت کمزور ذریعہ ابلاغ ہے۔

4- مارکس کے بہت سے نقصانات ایسے ہیں جو متعلم کی ذات پر اثر انداز ہوتے ہیں جن میں غم، غصہ، بے ایمانی، دشمنی اور کمزور دماغی حالت شامل ہیں۔

سوال 5: کانفرنس کی تیاری پر نوٹ تحریر کریں۔

Q5. Write a note on preparing for the conference.

یا والدین اور اساتذہ کی کانفرنس کیسے منعقد کروائی جا سکتی ہے؟

How can conducting parents teachers conference?

یا کانفرنس کے دوران میں والدین کے ساتھ ان آف ایکشن کریں۔

Planning a course of action with parents during conference.

یا والدین، اساتذہ کانفرنس کے دوران والدین کا انٹرویو میں موجودہ نمبروں اور رپورٹوں کے نظام کے بارے میں ان کا نقطہ نظر معلوم کیجئے۔ (خزاں 2016ء)

جواب: والدین اور اساتذہ کی کانفرنس (Parents Teachers Conference):

سکول میں مارکنگ اور رپورٹنگ کے لیے استعمال ہونے والے نظام سے قطع نظر استاد اور والدین کی کانفرنس متعلم کی کارکردگی کی تحریری رپورٹ کے لیے نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے اور اس بات کا ممکن بناتی ہے کہ:

i) والدین کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کیا جائے۔

ii) سکول اور گھر کے مابین موجود غلط فہمی کو دور کیا جائے۔

iii) مشترکہ لائحہ عمل کے ذریعے متعلم کے فائدے کے لیے بہتر پروگرام کی تیاری۔

ایلیمنٹری سکول کی سطح پر جہاں استاد اور والدین کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔ وہاں اساتذہ اور والدین کی کانفرنس مستقل بنیادوں پر شیڈول کی جائے۔ سیکنڈری سکول کی سطح پر استاد اور والدین کی کانفرنس صرف اس وقت ہوتی ہے جب کوئی اہم مسئلہ درپیش ہو۔

Elmas Ali

1۔ کانفرنس کی تیاری (Preparing of Conference):

کانفرنس کی تیاری کے لیے درج ذیل نکات اہمیت کے حامل ہیں۔

1۔ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد اچھی طرح سمجھ لیا جائے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

2۔ بیک گراؤنڈ معلومات کے طور پر متعلم کا سکول ریکارڈ اچھی طرح سمجھ لیا جائے۔
3۔ متعلم کی موجودہ تدریسی کارکردگی کے بارے میں معلومات کو ایک خاص فائل میں جمع کر لیا جائے۔
4۔ والدین کو دی جانے والی معلومات کو ترتیب سے جمع کیا جائے۔
5۔ والدین سے کیے جانے والے ممکنہ سوالات کی فہرست بنالی جائے۔
6۔ والدین کی طرف سے پوچھے جانے والے ممکنہ سوالات کا ادراک کیا جائے۔
7۔ والدین کو آرام دہ، غیر روایتی اور بغیر کسی مداخلت کا ماحول مہیا کیا جائے۔
8۔ دوران کانفرنس گفتگو کا نوٹس لیا جائے۔
9۔ باہمی افہام و تفہیم اور ابلاغ کا ماحول بنایا جائے۔
10۔ بعض مسائل کے حوالے سے ذمہ داری تسلیم کی جائے۔
11۔ کانفرنس کے ختم ہونے والی گفتگو کو مختصر بیان کے ساتھ کیا جائے۔
12۔ کانفرنس کا تحریری ریکارڈ محفوظ کیا جائے۔

2۔ کانفرنس کے دوران دوستانہ ماحول کا قیام:
(Establishing And Maintaining Rapport During Conference):

1۔ دوستانہ اور غیر روایتی ماحول پیدا کیا جائے۔
2۔ پروفیشنل ہونے کا مظاہرہ کیا جائے۔
3۔ والدین کو سمجھ آنے والی زبان کو استعمال کیا جائے۔
4۔ والدین کی بات توجہ سے سنی جائے۔
5۔ والدین کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائی جائے۔

3۔ دوران کانفرنس والدین کے ساتھ معلومات کی تیاری:
(Sharing Information with Parents During Conference):

1۔ متعلم کے مثبت اور ٹھوس نکات کی وضاحت کی جائے۔
2۔ متعلم کے ان کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کی جائے جن میں بہتری کی گنجائش ہو۔
3۔ والدین کی کانفرنس میں شرکت پر حوصلہ افزائی کی جائے۔
4۔ والدین کو نصیحت کرتے وقت مؤدبانہ رویہ اپنایا جائے۔

4۔ دوران کانفرنس لائن آف ایکشن:
(Planning a Course of Action with Parents during Conference):

1۔ کانفرنس کا اختتامیہ تجویز کر کے مختصر خاکہ تیار کیا جائے۔
2۔ دوران کانفرنس متعلم کے لیے والدین کی مشاورت کے ساتھ لائن آف ایکشن کی تیاری کی جائے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

3- دوران کانفرنس حاصل شدہ نوٹس کو والدین کے ساتھ شیئر کریں۔
4- کانفرنس کا اختتام مثبت بات پر کریں۔

مشہور سائنس دان وی بیلارڈ (V. Bailard) اور آر سٹرینج (R. Strange) نے ایک فہرست ان نکات کی تیار کی جو ممنوع ہیں۔

1- والدین کو موردالزام نہ ٹھہرائیں۔
2- کسی بھی معاملے میں والدین کو دفاعی پوزیشن میں نہ لایا جائے۔
3- دوسرے بچوں کا ذکر نہ کیا جائے اور ان کا تقابلی جائزہ لیا جائے یہ غیر پروفیشنل ہے۔
4- کسی دوسرے معلم کا ذکر نہ کیا جائے جب تک اس کے متعلق اچھی بات نہ کی جائے۔
5- سکول کے متعلق منفی رائے ہرگز نہ دی جائے۔
6- والدین کے ساتھ بحث سے اجتناب کیا جائے۔
7- والدین کی بات نہ کاٹی جائے اور نہ ہی اپنا نقطہ نظر زبردستی مسلط کیا جائے۔
8- وہ بات والدین سے نہ کی جائے جو وہ آپ سے اتفاق نہ کریں۔
9- ایسا کوئی بھی سوال والدین سے نہ پوچھا جائے جس سے ان کو اپنی کم مائیگی محسوس ہو۔
10- کانفرنس کے بعد ہونے والی گفتگو کو دوسروں پر عیاں نہ کریں کیونکہ اس کے ذریعے اکثر اوقات معلم اور بعض اوقات متعلم کو نقصان ہوتا ہے۔

سوال 6: والدین کو اپنے بچوں کے نتائج سے آگاہ کرنے کے لیے رپورٹ کارڈز ایک اچھا ذریعہ ہیں؟ بحث کیجیے۔

جواب: رپورٹ کارڈ (Report Cards):

پاکستان سمیت متعدد ملکوں کے اچھے تعلیمی اداروں میں رپورٹ کارڈز (Reports Cards) جاری کرنے کی روایت بھی ملتی ہے۔ والدین کی بھی یہی خواہش ہوتی کہ بچوں کی پرفامنس کے حوالے سے تعلیمی ادارے کی جانب سے تحریری شکل میں رپورٹ کارڈز جاری ہوں۔ اچھے رپورٹ کارڈز میں متعلمین کی کامیابیوں کو سکورز یا نمبروں کی صورت میں واضح کیا جاتا ہے، ان میں متعلم کے رویے اور کمرہ جماعت کی سرگرمیوں میں شرکت کا بھی بیان ہوتا ہے۔ رپورٹ کارڈز پر معلمین کی جانب سے دیئے جانے والے ریمارکس سے متعلمین اور والدین کو رہنمائی ملتی ہے، جس کی روشنی میں پرفامنس کو مزید مؤثر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس سے معلمین کو طلبہ کے تعلیمی اور کرداری ترقی کے حوالے سے غور خوض کرنے کا بھی موقع ملتا ہے۔ اس سے اسے ہر طالبعلم کی خوبیوں اور ضروریات کا ادراک ہوتا ہے جس کو سامنے رکھتے ہوئے وہ اپنی تدریس کو مزید مؤثر بنا سکتا ہے۔ بروادالی (Bruadli) نے رپورٹ کارڈ پر رائے یا تبصرہ دینے کے لیے الفاظ اور جملوں کو تین قسم کی اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

پہلی قسم میں وہ الفاظ اور جملے شامل ہیں اور جو کہ متعلمین میں مثبت نقطہ نظر کو فروغ دیتے ہیں جیسا کہ:

i- لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک رکھتا ہے (Gets along well with people)
ii- (Has a good grasp of) ہے۔ مضبوط گرفت

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-iii بہت بہتری آئی ہے (Has improved tremendously)

-iv جماعت میں ہونا اس کی اصل اور حقیقی خوشی ہے (Is a real joy to have in class)

-v ساتھیوں کے لیے قابل احترام رہا (Is ell respected by his classmates)

-vi جانفشانی سے محنت کرتا ہے (Works very hard)

دوسری قسم میں وہ الفاظ اور جملے شامل ہیں جو کہ متعلمین کے لیے درکار معاونت کو واضح کرتے ہیں جیسا کہ:

-i فلاں چیز سے مستفید ہو سکتا ہے (Could benefit from)

-ii اکثر اوقات فلاں کام میں مشکل پاتا ہے (Finds it diffcult at time to.....)

-iii فلاں سے اسے پریشانی ہے (Has trouble with.....)

-iv فلاں کے ساتھ مدد درکار ہے (Requires help with.....)

-v فلاں کو تقویت دینے کی ضرورت ہے (Needs reinforcement in.....)

تیسری قسم میں وہ الفاظ درج ہیں شامل ہیں جس سے اجتناب کیا جانا چاہیے، تاہم ضرورت پڑے تو بڑی احتیاط کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ یہ الفاظ درج ذیل ہیں۔

Elmas Ali

-i ہمیشہ (Always)

-ii کر نہیں سکتا یا قابل نہیں (Can't or Unable to)

-iii نہیں کرے گا (Won't)

رپورٹ کارڈز (Report Cards) میں دو طرح کی خامیاں یا کمزوریاں پائی جاتی ہیں۔

-i متعلمین اور والدین یہ سوچے بغیر کہ رپورٹ کارڈز میں گریڈ کیسے عطا کیے گئے انہیں رسمی معیار کے مطابق ہی استعمال کرنے کا رجحان رکھتے ہیں۔

-ii متعلمین اور والدین کی اکثریت کے ساتھ بعض معلمین بھی یہ خیال کرتے ہیں کہ گریڈز حقیقت سے زیادہ عین مطابق ہیں۔ جبکہ اکثر گریڈنگ سکیموں میں "F" سے مراد فیل (Fail) ہوتا ہے۔ ہال (Hall) اور وگنز (Wiggins) کے مطابق نہ صرف گریڈز مبہم ہوتے ہیں بلکہ ان کے معنوں میں بھی کئی قسم کے ابہام پائے جاتے ہیں۔ اس سے طلبہ اور والدین پر یہ واضح نہیں ہو پاتا کہ کیا کچھ سیکھا اور کیا کچھ مکمل کر لیا گیا ہے۔

والدین معلمین کانفرنسیں: (Parent-teacher Conferences)

ابتدائی سکولز میں والدین اور معلمین کانفرنسوں کا بھی بہت زیادہ انتظام کیا جاتا ہے۔ ایسی کانفرنسوں میں متعلمین کے پورٹ فولیوز زیر بحث لایا جاتا ہے۔ اس سے دو طرفہ انفارمیشن حاصل ہوتی ہیں، جہاں والدین کو سکول میں بچوں کو سکول میں بچوں کی کارکردگی سے آشنائی حاصل ہوتی ہے وہیں اساتذہ کو متعلمین کے گھریلو مسائل کے بارے میں بھی معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس میں ایک مشکل یہ ہے کہ کئی والدین ان کانفرنسوں میں شامل نہیں ہوتے۔ جبکہ دوسری طرف اس پر کافی وقت بھی صرف ہوتا ہے اور سکول کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8602 Helping Key Book (Educational Assessment and Evaluation (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

رپورٹنگ کے لحاظ سے لکھی جانے والی کتاب میں اساتذہ متعلمین اور والدین کی کانفرنسوں پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ چونکہ متعلمین تعلیمی عمل کا اہم ترین حصہ ہیں اور تعلیم کا حتمی فائدہ انہی کو ہونا ہوتا ہے اس لئے ان کانفرنسوں میں متعلمین کو شریک کرنے کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں اس طریقے سے طلبہ اور والدین کو پرفامنس سے آگاہ کرنا زیادہ عام ہے۔ تاہم اس طریقے کی کامیابی کا دارومدار اس بات پر ہوتا ہے کہ معلم کتنا ماہر اور پرعزم ہے۔ والدین اور معلمین کی کانفرنس کافی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے تاہم اس میں بھی کئی خامیاں پائی جاتی ہیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں:

i- اس کے لیے کافی وقت اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔
ii- متعلمین کی کارکردگی کا کوئی منضبط ریکارڈ فراہم کریں۔
iii- کئی والدین کانفرنس میں آنا پسند نہیں کرتے اور انہیں مجبور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

امریکہ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک میں والدین، متعلمین اور معلمین کانفرنسیں اکثر منعقد کی جاتی ہیں۔ امریکہ کے چارٹر سکولوں (Charter Schools) کا تو یہ نمایاں وصف بن چکا ہے، کئی سکول تو تحریری رپورٹس کے بجائے ان کانفرنسوں پر زیادہ انحصار کرتے ہیں۔

والدین کو متعلمین کے رزلٹ کے متعلق رپورٹ کرنے کے دیگر طریقے:
(Other ways of reporting students result to parents)

متعلمین کی پرفامنس کے بارے میں والدین کو آگاہی دینے کے لیے اور بھی کئی طریقے استعمال ہوتے ہیں جیسا کہ فون کالز وغیرہ، معلمین ٹیلی فون کے ذریعے والدین کو جہاں متعلمین کی پرفامنس کے بارے میں بتا سکتے ہیں، وہیں وہ انہیں سکول میں ہونے والی تقریبات، کانفرنسوں میں شامل ہونے کی دعوت بھی دے سکتے ہیں۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com